امر بالمعروف ونہی عن المنکر — اچھائی کی طرف اطلاع کرنا اور برائی سے بچانا

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ★ ABC CERTIFIED ★

روزنامہ اطلاع عام کوئٹہ

چیف ایڈیٹر:۔ محمد عمر

رجسٹریشن نمبر: C-1932

Email: dailyattelaaamqta@gmail.com / Etlaeaam2010@gmail.com | Tel: 081-2840968, 081-2820055 | Fax: 081-2828245

جلد نمبر: 16 | بروز ہفتہ 10 اکتوبر 2026ء 27 ربیع الثانی 1448ھ قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر: 187

سعودی کو دفاع کا حق حاصل، وزیر اعظم کی ائیر پورٹس پر حملوں کی مذمت

پاکستان ہر خطرے کے مقابلے میں سعودیہ کے شانہ بشانہ کھڑا رہے گا مکہ جوائنٹ ڈیفنس معاہدے کے تحت سعودی عرب کی خودمختاری اور علاقائی سالمیت کے تحفظ کیلئے پرعزم ہیں

سعودی عرب کے اپنے عوام، شہروں اور اہم تنصیبات کے دفاع کے حق کی پاکستان مکمل حمایت کرتا ہے،، وزیر اعظم کا سعودیہ کی سلامتی اور خودمختاری کے تحفظ کے عزم کا اعادہ

اسلام آباد (اے این این) وزیر اعظم شہباز شریف نے سعودی عرب پر حوثی ملیشیا کے حملوں کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے مکہ دفاعی معاہدے کے تحت سعودیہ کی سلامتی اور خودمختاری کے تحفظ کے عزم کا اعادہ کیا ہے۔ وزیر اعظم نے حوثیوں کی جانب سے سعودی عرب کے شہروں ریاض اور ابہا کے ائیر پورٹس کو نشانہ بنانے پر اظہار تشویش کرتے ہوئے حملوں میں شہریوں کی اموات اور زخمی ہونے پر افسوس کا اظہار کیا۔ شہباز شریف نے سعودی افواج اور اتحادی فورسز کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں اور مستعدی کی تعریف کرتے ہوئے کہا کہ سعودی

(بقیہ 2 اندرونی صفحہ 3 پر)

چیف جسٹس پاکستان کی بار نمائندگان سے مشاورتی نشست

اسلام آباد (یو این اے) چیف جسٹس آف پاکستان جسٹس یحییٰ آفریدی نے سپریم کورٹ بار ایسوسی

(بقیہ 1 اندرونی صفحہ 3 پر)



حرمین شریفین کے تقدس کا تحفظ ہر حال میں یقینی بنایا جانا چاہیے، پاکستان



اسلام آباد: جرمنی میں پاکستان کے نامزد سفیر سلمان شریف نائب وزیر اعظم اور وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار سے ملاقات کر رہے ہیں

پاکستان مکہ مشترکہ دفاعی معاہدے کے تحت سعودیہ کیساتھ کھڑا ہے: افغانستان سے پھیلنے والی دہشتگردی ہمسائیہ ممالک خصوصاً پاکستان کیلیے سنگین خطرہ ہے

امریکا اور ایران کے درمیان 7 نکات پر بات چیت جاری ہے، امریکا نے بھی ایران کے 7 نکات پر اپنا مؤقف شیئر کیا ہے، دفتر خارجہ

اسلام آباد (اے این این) ترجمان دفتر خارجہ سجاد حیدر خان اسلام آباد نے کہا ہے کہ حرمین شریفین کے تقدس کا تحفظ ہر حال میں یقینی بنایا جانا چاہیے، پاکستان مکہ مشترکہ دفاعی معاہدے کے تحت سعودیہ کیساتھ کھڑا ہے۔ ترجمان دفتر خارجہ سجاد حیدر خان اسلام آباد میں نے ہفتہ وار میڈیا بریفنگ کے دوران بتایا کہ 2 اکتوبر کو طیبہ پاور ڈسٹری بیوشن اسٹیشن پر حملہ سنگین اشتعال انگیزی ہے، وزیر اعظم شہباز شریف نے سعودی عرب پر حوثی حملوں کی شدید مذمت کی ہے،، حرمین شریفین کے تقدس کا تحفظ ہر حال میں یقینی بنایا جانا چاہیے، پاکستان سعودی عرب کی خود

(بقیہ 3 اندرونی صفحہ 3 پر)

ٹرمپ کی مداخلت سے پاک بھارت جنگ بندی ممکن ہوئی، وزیر اعظم

امید ہے صدر ٹرمپ کی امن کیلئے کوششوں کو اس بار مناسب پذیرائی ملے گی، شہباز شریف

اسلام آباد (اے این این) وزیر اعظم شہباز شریف کا کہنا ہے کہ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی مداخلت سے پاکستان اور بھارت کے درمیان جنگ بندی ممکن ہوئی تھی جو آج بھی برقرار ہے۔ ایک بیان میں وزیر اعظم شہباز شریف نے لکھا کہ ڈونلڈ ٹرمپ

(بقیہ 4 اندرونی صفحہ 3 پر)



اسلام آباد: وزیر اعظم شہباز شریف پی ایم قرض اسکیموں کے حوالے سے اعلیٰ کارکردگی دکھانے والے بینکوں کے صدور اور سی ای اوز سے ملاقات کر رہے ہیں

سعودی عرب کا ہر محاذ پر دفاع کیا جائے گا، پاک فوج

یہ کس طرح ہوگا، کون سا دستہ وہاں جائے گا اور اسے کس انداز میں استعمال کیا جائے گا، اس کا فیصلہ آپریشنل کمانڈرز کریں گے، ڈی جی آئی ایس پی آر

کسی بھی ملک پر حملہ سب پر حملہ تصور ہوگا، جس کو دیکھتے ہوئے کوئی بھی عناصر مذموم مقاصد کو عملی جامہ پہنانے سے پہلے کئی بار سوچیں گے، اس کا مقصد کسی کو دشمن یا دوست قرار دینا نہیں، ایک مقصد سعودی عرب کا دفاع کرنا ہے

راولپنڈی (اے این این) پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے ڈائریکٹر جنرل (ڈی جی) لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری کے امریکی نشریاتی ادارے سی این این کو دیئے گئے انٹرویو کے اہم اقتباسات سامنے آگئے۔ انٹرویو دیتے ہوئے افواج پاکستان کے ترجمان کا کہنا تھا کہ پاکستانی افواج مختلف صلاحیتوں اور شعبوں میں کئی دہائیوں سے سعودی عرب میں موجود ہیں، مکہ مشترکہ دفاعی معاہدہ اچانک وجود میں آنے والا اتحاد نہیں ہے۔ ڈی جی آئی ایس پی آر نے مکہ مشترکہ دفاعی معاہدے کے تحت عملی کارروائی کے حوالے سے واضح کیا کہ مکہ مشترکہ دفاعی معاہدے کا نفاذ اور اس کے نتیجے میں سامنے آنے والے تمام اثرات خالصتا دفاعی

(بقیہ 5 اندرونی صفحہ 3 پر)

وفاقی کابینہ کی تین سال کیلئے متروکہ وقف املاک بورڈ کی تشکیل نو کی منظوری

اسلام آباد (اے این این) وفاقی کابینہ نے تین سال کیلیے متروکہ وقف املاک بورڈ کی تشکیل نو کی

(بقیہ 6 اندرونی صفحہ 3 پر)

بلاول بھٹو زرداری اور رانا ثنا اللہ جوڈیشل کمیشن کے ممبر مقرر

چیف جسٹس یحییٰ آفریدی کی منظوری کے بعد نوٹیفکیشن جاری

اسلام آباد (اے این این) چیف جسٹس پاکستان اور چیئرمین جوڈیشل کمیشن آف پاکستان جسٹس یحییٰ آفریدی کی منظوری کے بعد بلاول بھٹو زرداری اور سینیٹر رانا ثنا اللہ خان کو جوڈیشل کمیشن آف پاکستان کا رکن مقرر کر دیا گیا ہے، جس کا

(بقیہ 7 اندرونی صفحہ 3 پر)



اسلام آباد: وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار ہولی سی کے سیکرٹری برائے تعلقات ریاستوں آرچ بشپ پال رچرڈ گالا گھر کا استقبال کر رہے ہیں

مذاکرات کامیاب نہ ہوئے تو گورنر راج لگے گا

بلاول بھٹو زرداری



کوئٹہ، وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی صوبائی کابینہ کے اجلاس میں اظہار خیال کر رہے ہیں

سہیل آفریدی عمران خان سے مخلص ہیں تو انتہا پسندی کی سیاست چھوڑ دیں ورنہ خان صاحب جیل کا زرداری کا ریکارڈ بھی توڑ دینگے

وزیر اعلیٰ کے پی نے کوئی کسر نہیں چھوڑی، ڈائیلاگ کا راستہ چھوڑ کر منفی سیاست کے راستے پر چل رہا ہے، چیئرمین پیپلز پارٹی

کراچی (اے این این) چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ سہیل آفریدی نے گورنر راج لگوانے میں کوئی کسر نہیں چھوڑی، اگر مذاکرات کامیاب نہ ہوئے تو گورنر راج لگے گا۔ بلدیہ ٹاؤن میں اسپورٹس کمپلیکس کی افتتاحی تقریب سے خطاب میں انہوں ں ے کہا کہ کچھ قبل دن وفاقی حکومت کے پی میں گورنر راج لگانے کے لیے تیار تھی ہم اس کے فوری نفاذ کے حق میں نہیں، گورنر راج آخری آپشن ہونا چاہیے، ہماری تجویز تھی کہ گورنر راج اور ایمرجنسی کا آپشن قانونی ہے مگر یہ ایک ایٹم بم ہے یہ آخری آپشن ہونا چاہیے۔ انہوں

(بقیہ 8 اندرونی صفحہ 3 پر)

سرکاری محصولات ملکی وصوبائی معیشت میں اہم کردار ادا کرتے ہیں، محمد خان لہڑی

قانون کی عملداری، شفافیت اور عوام کو سہولیات کی فراہمی محکمہ ایکسائز کی بنیادی ذمہ داری ہے، پارلیمانی سیکریٹری

کوئٹہ (اے این این) پارلیمانی سیکرٹری ایکسائز بلوچستان حاجی محمد خان لہڑی نے کہا ہے کہ محکمہ ایکسائز کی کارکردگی میں بہتری، قوانین پر مؤثر عملدرآمد، سرکاری محصولات کے نظام کو شفاف بنانا اور عوام کو سہولیات فراہم کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ سرکاری اداروں کی ذمہ داری ہے کہ وہ عوامی مفادات کو مقدم رکھتے ہوئے قانون کے مطابق اپنی ذمہ داریاں ادا کریں' یہ بات انہوں نے مختلف وفود سے بات چیت کرتے ہوئے کہی' انہوں نے

(بقیہ 12 اندرونی صفحہ 3 پر)

بلوچستان اسمبلی میں معذور افراد کے حقوق کے تحفظ سے متعلق اہم قرارداد پیش

قرارداد ڈپٹی اسپیکر غزالہ گولہ نے پیش کی، سرکاری ملازمتوں کے کوٹے پر عملدرآمد اور خصوصی افراد کو معاشرے کا فعال حصہ بنانے پر زور

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان اسمبلی کا جاری اجلاس اسپیکر کیپٹن (ر) عبدالخالق اچکزئی کی زیر صدارت منعقد ہوا، جس کے دوران ایوان میں معذور افراد کے حقوق کے تحفظ، بحالی اور انہیں معاشرے کا فعال حصہ بنانے کے لیے ایک اہم قرارداد پیش کی گئی۔ یہ قرارداد ڈپٹی اسپیکر بلوچستان غزالہ گولہ کی جانب سے ایوان میں پیش کی گئی، جس میں اس امر پر زور دیا گیا کہ معذور افراد کے حقوق کا تحفظ اور انہیں زندگی کے ہر شعبے میں مساوی مواقع

(بقیہ 11 اندرونی صفحہ 3 پر)

علیمہ خان کے خلاف 26 نومبر کیس کا فیصلہ تیسری بار موخر

جج ایک خصوصی کورس میں شرکت کے لئے رخصت پر ہیں، عملہ انسدادِ دہشت گردی عدالت

اولپنڈی (جی این ایم) راولپنڈی کی انسدادِ دہشت گردی کی خصوصی عدالت نے سابق وزیر اعظم عمران خان کی بہن علیمہ خان کے خلاف 26 نومبر کے احتجاج سے متعلق کیس کا محفوظ فیصلہ تیسری بار موخر کرتے ہوئے 16 اکتوبر کو سنانے کی تاریخ مقرر کر دی علیمہ خان کے وکیل محمد فیصل ملک سمیت ان کی قانونی ٹیم عدالت میں پیش ہوئی، تاہم عدالتی عملے نے انہیں بتایا کہ جج ایک خصوصی کورس میں شرکت کے لئے رخصت پر ہیں انسدادِ

(بقیہ 10 اندرونی صفحہ 3 پر)

بلوچستان اسمبلی کا اجلاس، محکمہ جنگلات میں کرپشن کے معاملے پر انکوائری کمیٹی نہ بنانے کا فیصلہ

اسپیکر کیپٹن (ر) عبدالخالق اچکزئی کی ایوان میں وضاحت، ذمہ داروں کو سزائیں دی جا چکی ہیں، کمیٹی کی ضرورت نہیں ہے

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان اسمبلی اجلاس کے دوران اسپیکر کیپٹن (ر) عبدالخالق اچکزئی نے وضاحت کرتے ہوئے موقف اختیار کیا کہ ایک ماہ قبل صوبائی وزیر نور محمد دومڑ کی جانب سے اسمبلی فلور محکمہ جنگلات کے پوسٹوں میں کرپشن کی نشاندہی پر وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اپوزیشن لیڈر کی سربراہی میں کمیٹی بنانے کا اعلان کیا تھا گزشتہ روز اپوزیشن لیڈر نے اس مسلے کو پوائنٹ آرڈر نشاندہی کی جس پر اسپیکر نے دو روز میں کمیٹی بنانے

(بقیہ 9 اندرونی صفحہ 3 پر)

تعمیراتی معیار پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا، سیکریٹری موصلات وتعمیرات

تھانہ فورٹیفیکیشن منصوبوں میں سست روی اور غفلت پر متعلقہ افسران کے خلاف سخت کارروائی ہوگی، سیکرٹری مواصلات وتعمیرات

فورٹیفیکیشن آف تھانہ کے 83 منصوبوں کی بروقت تکمیل یقینی بنائی جائے، بابر خان کی چیف انجینئرز اور ایس ایز کو ہر دو ہفتے بعد پیش رفت رپورٹ جمع کرانے کی ہدایت

کوئٹہ (اے این این) سیکرٹری مواصلات وتعمیرات بابر خان نے کہا ہے کہ صوبے میں جاری اہم ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل تعمیراتی معیار اور مؤثر نگرانی پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا جبکہ فرائض میں غفلت اور منصوبوں پر سست روی کا مظاہرہ کرنے والے افسران کے خلاف سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی انہوں نے یہ ہدایات فورٹیفیکیشن آف تھانہ منصوبوں پر پیش رفت کے جائزہ اجلاس

(بقیہ 13 اندرونی صفحہ 3 پر)



اسلام آباد: محمد سلیم (دی فرسٹ کالر) سپریم کورٹ آف پاکستان میں لیگل ایڈیسل کا افتتاح کر رہے ہیں چیف جسٹس آف پاکستان و دیگر ججز بھی موجود ہیں

شمالی وزیرستان میں انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن 7 دہشتگرد ہلاک

سکیورٹی فورسز کی موثر کارروائی کے دوران ہلاک دہشت گردوں سے بھاری مقدار میں اسلحہ، گولہ بارود بھی برآمد ہوا، فتنہ الخوارج کے متعلق ٹھکانے بھی تباہ کر دیئے گئے

دہشت گردوں کے غیر ملکی سرپرستوں اور ان کے مقامی سہولت کاروں کی سازشوں کو ہر قیمت پر ناکام بنایا جائے گا، صدر مملکت آصف علی زرداری

پشاور (سی ایم لنکس) سکیورٹی فورسز کی خیبر پختونخوا میں عزم استحکام ویژن کے تحت فتنہ الخوارج کے خلاف بھرپور کارروائیاں جاری ہیں، مزید 7 دہشت گرد مارے گئے۔ سکیورٹی ذرائع کے مطابق سکیورٹی فورسز نے شمالی وزیرستان میں انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کیا جس کے دوران فتنہ الخوارج کے 7 خارجی جہنم واصل کیے گئے۔ سکیورٹی فورسز کی موثر کارروائی کے دوران ہلاک دہشت گردوں

(بقیہ 21 اندرونی صفحہ 3 پر)

پی آئی اے کا ریاض کے لیے فضائی آپریشن عارضی طور پر معطل

اسلام آباد (یو این اے) قومی فضائی کمپنی (پی آئی اے) نے مشرقِ وسطیٰ کی صورتحال کے پیش نظر سعودی عرب کے دارالحکومت ریاض کے لیے اپنا فضائی آپریشن عارضی طور پر معطل کر دیا ہے۔ ترجمان پی آئی نے مسافروں سے گزارش کی ہے کہ ایئرپورٹ روانہ ہونے سے قبل اپنی پرواز کی تازہ ترین صورتحال جاننے کے لیے پی آئی اے کے کال سینٹر 111-786-786 پر رابطہ کریں۔ انہوں نے کہا کہ پی آئی اے اس صورتحال کے باعث مسافروں کو پیش آنے والی زحمت پر معذرت خواہ ہے۔ قومی فضائی کمپنی (پی آئی اے) نے مشرقِ وسطیٰ کی

(بقیہ 19 اندرونی صفحہ 3 پر)

دکی، 15 روز قبل اغوا کیے جانے والے کنسٹرکشن کمپنی کے 11 مزدور بازیاب

بازیاب ہونے والے مزدوروں میں سے 10 کا تعلق رحیم یار خان سے ہے، انتظامیہ نے تمام افراد کو لورالائی روانہ کر دیا

دکی (یو این اے) کنسٹرکشن کمپنی کے 11 مغوی مزدور 15 روز بعد بازیاب، محفوظ مقام منتقل: دکی کے علاقے نانا صاحب زیارت پلڑء میں واقع کنسٹرکشن کمپنی کے کیمپ سے 15 روز قبل اغوا کیے گئے 12 مزدوروں میں سے 11 مزدور بازیاب ہو کر واپس پہنچ گئے ہیں۔ پولیس کے مطابق تمام مزدوروں کو محفوظ مقام پر منتقل کر دیا گیا ہے۔ پولیس کے مطابق مسلح افراد نے 15 روز قبل نانا صاحب زیارت کے علاقے پلڑء میں کنسٹرکشن کمپنی کے کیمپ پر حملہ کر کے 12 مزدوروں کو اغوا کر لیا تھا۔ اغوا کے بعد ایک مزدور شاہد کی لاش چند روز قبل کوہلو کے علاقے نرہن ندی سے برآمد ہوئی تھی، جبکہ باقی 11 مزدوروں کو اغوا کاروں نے کوہلو کے علاقے میں آج چھوڑ دیا۔ بازیاب ہونے والے مزدوروں میں 10 کا تعلق پنجاب کے ضلع رحیم یار خان (صادق آباد، چوک چڈھڑ) سے ہے، جبکہ ایک مقامی مزدور بھی شامل ہے۔ مغوی و بازیاب مزدوروں میں سکندر خان ڈاہر ولد سلمان خان ڈاہر، نعمان ڈاہر ولد اعظم خان

(بقیہ 20 اندرونی صفحہ 3 پر)

کوئٹہ کراچی قومی شاہراہ پر دھماکوں سے دو رابطہ پل تباہ

دھماکے رات گئے ہوئے، جانی نقصان کی اطلاع نہیں، پولیس

مستونگ (اے این این) مستونگ میں کوئٹہ کراچی قومی شاہراہ پر رات گئے دھماکوں سے مزید دو رابطہ پل تباہ ہو گئے۔ دھماکے ژلی کھڈ کوچہ میں بلوچستان ہوٹل اور ژلی قبرستان کے قریب ہوئے۔ پولیس کے مطابق واقعے میں کسی جانی نقصان کی اطلاع

(بقیہ 14 اندرونی صفحہ 3 پر)

آئی ایم ایف شرائط، گیس، بجلی صارفین کے لیے سلیب اور سبسڈی ختم کرنے کی تیاری

آئی ایم ایف کی شرائط پر عملدرآمد کے لیے توانائی شعبے میں اصلاحات تیز کر دی گئیں

اسلام آباد (اے این این) آئی ایم ایف کی شرائط پر عملدرآمد کے لیے توانائی شعبے میں اصلاحات تیز کر دی گئیں جب کہ گیس اور بجلی صارفین کے لیے موجودہ سلیب اور کراس سبسڈی نظام ختم کرنے کی تیاری ہے۔ رپورٹ کے مطابق ذرائع نے کہا کہ

(بقیہ 18 اندرونی صفحہ 3 پر)

بانی پی ٹی آئی کی بہنوں کو جیل میں سہولیات بارے رپورٹ طلب

لاہور (اے این این) لاہور ہائیکورٹ نے بانی تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کی بہنوں کی نظر بندی اور جیل میں بنیادی سہولیات کی فراہمی سے متعلق درخواستوں پر سماعت کرتے ہوئے علیمہ خان کی نظر بندی کے خلاف درخواست نمٹا دی۔ جسٹس عبہر گل خان نے نورین نیازی، اور عظمیٰ خان کو جیل میں بنیادی سہولیات دینے سے متعلق 12 اکتوبر کو رپورٹ طلب کرتے ہوئے قرار دیا کہ آپکو کپڑے بھی دیے، دوائیاں بھی دیں باہر جا کر آپ نے کہا کچھ نہیں دیا۔ لاہور ہائیکورٹ کی جسٹس عبہر گل خان نے علیمہ خان کے بیٹے شاہ ریز اور عظمیٰ خان کی بیٹی

(بقیہ 16 اندرونی صفحہ 3 پر)

لسبیلہ کی پائیدار ترقی اور نوجوانوں کو ہنرمند بنانا اولین ترجیح ہے، سائرہ عطا

ڈسٹرکٹ کمپلیکس اوتھل میں کمشنر آفس کا قیام، تعلیم، صحت اور امن وامان کے فروغ کے لیے جامع اقدامات جاری

اوتھل (یو این اے) کمشنر لسبیلہ ڈویژن سائرہ عطا بلوچ نے کہا ہے کہ لسبیلہ کی پائیدار ترقی، عوامی مسائل کے حل اور نوجوانوں کے روشن مستقبل کے لیے جامع منصوبہ بندی، مثر انتظامی اقدامات اور تمام متعلقہ اداروں کے درمیان رابطہ کاری ناگزیر ہے۔ نوجوانوں کو صرف سرکاری ملازمتوں تک محدود رکھنے کے بجائے جدید ہنر، فنی تربیت اور روزگار کے متبادل مواقع فراہم کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ڈسٹرکٹ کمپلیکس اوتھل میں کمشنر آفس کی افتتاحی تقریب کے بعد صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ کمشنر لسبیلہ نے کہا کہ تعلیم اور صحت کسی بھی معاشرے کی ترقی میں بنیادی اہمیت رکھتے ہیں، اس لیے ان شعبوں کو مزید بہتر بنانے کے لیے خصوصی اقدامات کرنا ہوں گے۔ نوجوانوں کو اعلیٰ تعلیم کے مواقع فراہم کرنے کے ساتھ ساتھ انہیں مستقبل کے تقاضوں سے ہم آہنگ کرنا بھی ضروری ہے۔ اس سلسلے میں یونیورسٹیوں اور دیگر تعلیمی اداروں کے دورے کیے گئے ہیں، جبکہ ایسے

(بقیہ 15 اندرونی صفحہ 3 پر)

قانونی تجارت کی راہ میں کوئی رکاوٹ برداشت نہیں کی جائے گی،، محمد جمیل ناصر

ضبط شدہ سامان کی نیلامی کا عمل تیز کیا جا رہا ہے آئندہ آٹھ ماہ میں کاروباری معاملات آٹومیٹڈ نظام پر منتقل ہوں گے

کوئٹہ (یو این اے) چیف کلکٹر کسٹمز انفورسمنٹ (آپریشنز) اسلام آباد محمد جمیل ناصر خان نے کہا ہے کہ قانونی تجارت کی راہ میں کوئی رکاوٹ برداشت نہیں کی جائے گی، ضبط شدہ سامان کی نیلامی کا عمل تیز کیا جا رہا ہے جبکہ سنٹرل اسسمنٹ یونٹ میں بلوچستان کے کیسز کی جانچ پڑتال کے لیے روزانہ شام 5 بجے سے رات 11 بجے تک خصوصی وقت مختص کیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ آئندہ آٹھ ماہ میں کاروباری معاملات کو آٹومیٹڈ نظام پر منتقل کیا جائے گا تاکہ مال بردار گاڑیوں کی چیکنگ اور کلیئرنس کو تیز اور آسان بنایا جا سکے۔ ان خیالات کا اظہار ایوان صنعت و تجارت کوئٹہ بلوچستان کے عہدیداران اور ممبران کے ساتھ منعقدہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اجلاس سے قبل چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کوئٹہ بلوچستان کے سینئر نائب صدر مرزا خان خلجی، نائب صدر جنگیان دشتی اور دیگر

(بقیہ 17 اندرونی صفحہ 3 پر)

وفاقی حکومت کی آئندہ دو روز تک خیبر پختونخوا میں گورنر راج نہ لگانی کی یقین دہانی

مولانا فضل الرحمان اور وزیر اعظم شہباز شریف میں رابطیکی اندرونی کہانی منظر عام پر

اسلام آباد (اے این این) سربراہ جے یو آئی مولانا فضل الرحمان اور وزیر اعظم شہباز شریف کے رابطے کی اندرونی کہانی منظر عام پر آ گئی۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق وفاقی حکومت نے آئندہ دو روز تک خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی یا گورنر راج نہ لگانی کی یقین دہانی کرائی ہے۔ فوری ایمرجنسی نہ لگانے کی حکومتی یقین دہانی پر مولانا فضل الرحمان مشاورت پر تیار ہوئے۔ مولانا فضل الرحمان پارٹی قیادت، اپوزیشن اور حکومت سے مزید رابطیکریں گے، مولانا فضل الرحمان نے جے یو آئی کے سینئیر رہنماں کو اسلام آباد میں رہنیکی ہدایت کر دی۔ جے یو آئی سربراہ کی ہدایت پر سینیٹر کامران مرتضیٰ نے اپنا دورہ چین منسوخ کر دیا۔ واضح رہے کہ وزیر اعظم شہباز شریف نے گزشتہ رات مشاورتی اجلاس کے بعد سربراہ جے یو آئی مولانا فضل الرحمان سے ٹیلیفونک رابطہ کیا جس میں سیاسی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ذرائع کے مطابق وزیر اعظم اور مولانا

(بقیہ 22 اندرونی صفحہ 3 پر)

پی ٹی آئی سے مذاکرات میں بڑے بریک تھرو کی زیادہ امید نہیں رانا ثنا اللہ

صورتحال اتنی پیچیدہ بھی نہیں کہ بات چیت کا راستہ مکمل طور پر بند ہو جائے، رابطے جاری ہیں، وزیر اعظم کے مشیر

حکومت ا مذاکرات کے امکانات کا جائزہ لینے کے ساتھ لانگ مارچ کی صورتحال بھی دیکھ رہی ہے، گفتگو

اسلام آباد (اے این این) وزیر اعظم کے مشیر برائے سیاسی امور رانا ثنا اللہ نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی کے ساتھ مذاکرات میں فی الحال کسی بڑے بریک تھرو کی زیادہ امید نہیں تاہم حکومت اور پی ٹی آئی کے درمیان صورتحال اتنی پیچیدہ بھی نہیں کہ بات چیت کا راستہ مکمل طور پر بند ہو جائے۔ ایک انٹرویو میں رانا ثنا اللہ کا کہنا تھا کہ پی ٹی آئی کے ساتھ مذاکرات ختم ہونے کے بعد بھی رابطے رہے ہیں، محسن نقوی کے پی ٹی آئی رہنماؤں سے رابطے ہیں جبکہ گوہر خان، عامر ڈوگر اور اسد قیصر سے بھی فون پر بات چیت ہوتی رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی کا اپنا سیاسی موقف ہے اور حکومت کا اپنا موقف، تاہم کسی سمجھوتے یا مفاہمت کے بغیر مذاکرات دوبارہ شروع کرنا زیادہ مفید نہیں ہوگا، اگر کسی معاملے پر مفاہمت بن جائے تو مذاکرات دوبارہ شروع ہو سکتے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ حکومت ایک طرف مذاکرات کے امکانات کا جائزہ لے رہی ہے تو دوسری جانب پی ٹی آئی کے لانگ مارچ کی صورتحال بھی دیکھ رہی ہے۔ رانا ثنا اللہ نے خیبر

(بقیہ 23 اندرونی صفحہ 3 پر)



کوئٹہ، صوبائی سیکرٹری صالح محمد ناصر و دیگر حکام اسمبلی اجلاس کی کارروائی دیکھ رہے ہیں

پاکستان دنیا کے ان چار ممالک میں شامل جہاں غربت سب سے زیادہ ہے، مالک بلوچ

وسائل کو عوام کی فلاح و بہبود پر خرچ کر کے پسماندگی کا خاتمہ اور نوجوانوں کو روزگار دینا ہوگا، سربراہ نیشنل پارٹی

کوئٹہ (یو این اے) نیشنل پارٹی کے سربراہ اور سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے کہا ہے کہ پاکستان اس وقت دنیا کے ان چار ممالک میں شامل ہو گیا ہے جہاں غربت کی شرح سب سے زیادہ ہے، جبکہ بلوچستان ملک کا سب سے زیادہ غریب صوبہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے عوام کو غربت، بے روزگاری اور معاشی مشکلات جیسے سنگین مسائل کا سامنا ہے۔ ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے کہا کہ بلوچستان میں غربت کے خاتمے، روزگار کے مواقع پیدا کرنے اور عوام کا معیارِ زندگی بہتر بنانے کے لیے مثر اقدامات کی ضرورت ہے۔ صوبے کے عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی اور نوجوانوں کو تعلیم و روزگار کے مواقع دینا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے اسمبلی اجلاس سے قبل میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے وسائل کو عوام کی فلاح و بہبود

(بقیہ 24 اندرونی صفحہ 3 پر)

کوئٹہ، موسم کی اچانک تبدیلی اور سرد ہواؤں کے باعث موسمی بیماریوں میں اضافہ

طویل خشک سالی اور سرد ہواں سے نزلہ، زکام اور گلے کے امراض پھیل گئے، بچوں اور بزرگوں کے لیے خصوصی احتیاط کی ہدایت

کوئٹہ (یو این اے) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں موسم کی اچانک تبدیلی، خشک موسم اور سرد ہواں کے باعث موسمی بیماریوں نے شہریوں کو اپنی لپیٹ میں لے لیا ہے، جس کے نتیجے میں سرکاری و نجی اسپتالوں میں مریضوں کی تعداد میں اضافہ ہونے لگا ہے۔ طویل عرصے سے بارشیں نہ ہونے کے باعث شہر میں خشک موسم کی شدت برقرار ہے، جبکہ سرد ہواں اور درجہ حرارت میں تبدیلی نے شہریوں کی مشکلات مزید بڑھا دی ہیں۔ موسم کی تبدیلی کے باعث شہری مختلف موسمی امراض کا شکار ہو رہے ہیں اور علاج معالجے کے لیے اسپتالوں کا رخ کر رہے ہیں۔ موسمی تبدیلی کے باعث بچوں، بزرگوں اور دیگر شہریوں کو خصوصی احتیاط کی ضرورت ہے۔ شہریوں کو ہدایت کی جاتی ہے کہ سردی سے بچا کے لیے گرم کپڑوں کا استعمال کریں، غیر ضروری طور پر سرد ہوا میں نکلنے سے گریز کریں اور صفائی ستھرائی کا خاص خیال رکھیں۔ طبیعت خراب ہونے کی صورت میں مستند معالج سے رجوع کیا جائے اور خود سے ادویات استعمال کرنے سے گریز کیا جائے۔

(بقیہ 25 اندرونی صفحہ 3 پر)

آدرہ المعروف د ین ن الشکر — ایجنسی ٹرانسپورٹ، بی بی رانی روڈ
Date ETLA-E-AAM Quetta
روزنامہ
اطلاع عام
کوئٹہ
چیف ایڈیٹر محمد عمر عمر
الکریم پرنٹنگ پریس سے چھپوا کر
نیوز افغان روڈ کوئٹہ سے شائع کیا
فون نمبر 081-2453865 ، 081-2820055
کمپلینٹ نمبر 081-2828245
Email:Eltaeaam2010@gmail.com
E-mail: Eltaeaam2010@gmail.com
چیف ایڈیٹر: محمد عمر

خیبر پختونخوا حکومت سے توقعات

پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کا لانگ مارچ پانچویں روز میں داخل ہو گیا ہے، قافلہ گزشتہ شب وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی کے آبائی ضلع خیبر پہنچا جہاں سے وہ پشاور کی طرف روانہ ہوگا۔ وفاقی حکومت نے مارچ ملتوی کرنے کے لئے پی ٹی آئی کے ساتھ دو اور تین اکتوبر کو مذاکرات کے دو ادوار کیے تاہم فریقین کے مابین اتفاق رائے نہ ہو سکا جس پر پی ٹی آئی نے عمران خان کی رہائی سمیت متعدد دیگر مطالبات کے حق میں چار اکتوبر کو کئی مروت سے لانگ مارچ شروع کر دیا۔ یہ قافلہ کرک، کوہاٹ اور پھر تنی سے ہوتا ہوا خیبر پہنچا جہاں ڈی ٹور روڈ پر پڑاؤ ڈالا گیا۔ ابتدائی منصوبے کے مطابق قافلے نے کوہاٹ سے براہِ راست پشاور جانا تھا اور رات تنی کے قریب گزارنا تھی تاہم منگل کو مارچ کا روٹ تبدیل کر دیا گیا۔ وزیراعلیٰ سہیل آفریدی نے خیبر میں لانگ مارچ کے شرکاء ؎ سے خطاب میں کہا کہ مسلط ذہنیت اُن سے کے پی میں ایک اور آپریشن کرانا چاہتی تھی لیکن جب تک وہ وزیراعلیٰ ہیں خیبر پختونخوا میں فوجی آپریشن نہیں ہونے دیں گے اور عوام مخالف ہر پالیسی کی مزاحمت کریں گے، حکومت کے ساتھ مذاکرات سیاسی نوعیت کے تھے، مسلط ذہنیت ایک اور فوجی آپریشن پر مشتمل کرانا چاہتی تھی لیکن وہ کبھی ایسی کسی پالیسی کا حصہ نہیں بنیں گے۔ اُن کا کہنا تھا کہ لانگ مارچ صوابی تک جائے گا اور پھر وہاں وہ آئندہ کے لائحہ عمل کا اعلان کریں گے۔ دریں اثناء ؎ انہوں نے صوبائی کابینہ کے اجلاس سے بھی خطاب کیا جس میں اُن کا کہنا تھا کہ گورنر کا چیف سیکرٹری اور آئی جی کو طلب کرنا اور ان کے ساتھ مشاورت کرنا آئین اور جمہوریت پر حملہ ہے، وہ تنہائی اکثریت کی حامل صوبائی حکومت کی موجودگی میں اس طرح کا اجلاس کسی صورت قابل قبول نہیں، وزیراعلیٰ کو ہٹانے کا آئینی طریقہ عدم اعتماد کی صورت آئین میں موجود ہے، کسی کو جمہوریت پر شب خون مارنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ صوبائی حکومت پر اس وقت یہ الزام عائد کیا جا رہا ہے کہ وہ دہشت گردی کے خلاف ریاست کی بقاء ؎ کی جنگ میں اُس کے ساتھ نہیں کھڑی، شدت سے الزام لگایا جا رہا ہے کہ اُس کا بیانیہ وہی ہے جو کالعدم تحریک طالبان پاکستان (ٹی ٹی پی) یعنی ''فتنہ الخوارج'' کا رہا ہے۔ یہ تاثر عام ہو رہا ہے کہ صوبائی حکومت کا موقف اُس بیانیے کا عکاس ہے جس کے تحت ماضی میں دہشت گردی کے خلاف چلی گئی ''ڈالرز کے لئے مسلط کی گئی جنگ'' قرار دیا جاتا رہا اور یہ کہا جاتا رہا کہ ''یہ ہماری اپنی جنگ نہیں ہے''۔ اسی سوچ کے تحت نہ صرف فوجی کارروائی کی مخالفت کی جاتی ہے بلکہ ٹی ٹی پی اور اُن کے سہولت کاروں بالخصوص افغان طالبان حکومت کی طرف سے کیے جانے والے خونریز حملوں کی کھل کر مذمت نہیں کی جاتی۔ خیبر پختونخوا میں دہشت گردی کے واقعات میں تشویشناک اور ہولناک اضافہ دیکھنے میں آ رہا ہے۔ رواں سال کے ابتدائی نو ماہ کے دوران 1,018 بڑے دہشت گرد حملے ہو چکے ہیں۔ ان کا سب سے بڑا ہدف ریاست کی پہلی دفاعی لائن یعنی پولیس اور دیگر قانون نافذ کرنے والے ادارے رہے ہیں جنہیں دو تہائی حملوں میں نشانہ بنایا گیا۔ ان سفاکانہ کارروائیوں میں 1,959 سے زائد افراد شہید ہو چکے ہیں اور ان میں بڑی تعداد پولیس افسروں، جوانوں اور عام شہریوں کی ہے۔ یہ بھی کہا جا رہا ہے کہ دہشت گردی کی اس لہر کے مقابلے کے لئے صوبائی پولیس فورس کی صلاحیتوں کو بڑھانے کے بجائے انہیں دانستہ یا نادانستہ طور پر کمزور رہنے دیا گیا ہے۔ خیبر پختونخوا پولیس کے انسپکٹر جنرل بار ہا اس نا گفتہ بہ صورت حال اور وسائل کی عدم دستیابی پر تشویش کا اظہار کر چکے ہیں۔ آج بھی کے پی کے پولیس میں نو ہزار سے زائد آسامیاں خالی پڑی ہیں جبکہ کچے کے بیٹ ہوئے بکرز اور پولیس چیک پوسٹیں جدید ترین اسلحے سے لیس دہشت گردوں اور خودکش حملوں کا سامنا کرنے پر مجبور ہیں۔ ان عارضی اور بوسیدہ پوسٹوں کو پختہ اور محفوظ بنانے کے لئے پولیس کو 42 ارب روپے درکار تھے لیکن طویل التوا ؤں اور منت سماجت کے بعد قسطوں میں صرف 1.2 ارب روپے جاری کیے گئے۔ اس ابتر صورتحال کے باعث پولیس فورس دہشت گردوں کے سامنے بے یار و مددگار دکھائی دیتی ہے۔ ناقدین کے نزدیک یہ محض انتظامی سستی نہیں بلکہ ایک دانستہ سنگین غلطی ہے۔ پی ٹی آئی کی صوبائی حکومت پر یہ تنقید بڑھ رہی ہے کہ وہ اس قومی جنگ میں ریاست کے شانہ بشانہ کھڑے ہونے میں ناکام رہی ہے۔ وفاقی حکام اور سیاسی اداروں کا پیغام واضح ہے کہ مزید پاکستانیوں کا خون بہانے کی اجازت نہیں دی جائے گی اور دہشت گردی کیخلاف زیرو ٹالرینس کی پالیسی اپنائی جائے گی۔ صورتحال کا تقاضہ ہے کہ صوبائی حکومت سڑکیں ناپنے اور اسلام آباد پر مہینہ طور پر چڑھائی کرنے کے بجائے سنگین الزامات کا ٹھوس اور منطقی جواب دے۔ وزیراعلیٰ سہیل آفریدی بطور انتظامی سربراہ اپنی آئینی اور قانونی ذمہ داریاں پوری کریں۔ صوبائی حکومت آئین میں درج گورنر راج یا ایمرجنسی کے خطرے کو سیاسی کارڈ کے طور پر استعمال کرتے ہوئے لوگوں کو سڑکوں پر لانے کی کوشش کر رہی ہے، اس کا براہِ راست نتیجہ نہ صرف صوبے میں اَمن اور امان کی مزید خرابی بلکہ دہشت گردی کیخلاف جاری قومی جدوجہد کو نقصان پہنچانے کی صورت نکل سکتا ہے۔ صوبائی حکومت کو چاہئے کہ وہ احتجاج کی سیاست کو موخر کر کے اپنے صوبے کے اَمن و امان پولیس سمیت قانون نافذ کرنے والے اداروں کی پشتیبانی اور دہشت گردی کے خاتمے کو پہلی ترجیح بنائے۔ حکومت اور پی ٹی آئی کے درمیان دوبارہ مذاکرات کے اشارے مل رہے ہیں، مولانا فضل الرحمان سے بھی ملاقات کر چکے ہیں۔ اللہ کرے کہ ہمارے قومی اور صوبائی رہنما نکتہ آفرینی کے بجائے حالات کو سنبھالنے کی بھرپور کوشش کریں گے، کسی کی اَنا کو بھی قومی مفادات سے بڑا نہیں ہونا چاہئے۔

پھر مرکز نگاہ مولانا فضل الرحمٰن!

چودھری خادم حسین

تھوڑے روز ہوئے جب باباء جمہوریت نوابزادہ نصراللہ (مرحوم) کی برسی منائی گئی اس سلسلے میں خان گڑھ میں ان کے صاحبزادے افتخار خان نے اہتمام کیا اور فاتحہ خوانی کے علاوہ مرحوم کو خراج عقیدت بھی پیش کیا گیا، دکھ ہوا کہ ایسے بااصول اور بزرگ مصالحت کنندہ کو کسی بڑے شہر میں یاد نہیں کیا گیا کہ ان کے چھوٹے صاحبزادے منصور علی خان تحریک انصاف کو پیارے ہو چکے ہوئے اور انہوں نے نوابزادہ نصراللہ کی جماعت پاکستان جمہوری پارٹی ڈی ٹور روڈ پر پڑاؤ ڈالا گیا۔ ابتدائی منصوبے کے مطابق قافلے نے کوہاٹ سے براہِ راست پشاور جانا تھا اور رات تنی کے قریب گزارنا تھی تاہم منگل کو مارچ کا روٹ تبدیل کر دیا گیا۔ وزیراعلیٰ سہیل آفریدی نے خیبر میں لانگ مارچ کے شرکاء ؎ سے خطاب میں کہا کہ مسلط ذہنیت اُن سے کے پی میں ایک اور آپریشن کرانا چاہتی تھی لیکن جب تک وہ وزیراعلیٰ ہیں خیبر پختونخوا میں فوجی آپریشن نہیں ہونے دیں گے اور عوام مخالف ہر پالیسی کی مزاحمت کریں گے، حکومت کے ساتھ مذاکرات سیاسی نوعیت کے تھے، مسلط ذہنیت ایک اور فوجی آپریشن پر مشتمل کرانا چاہتی تھی لیکن وہ کبھی ایسی کسی پالیسی کا حصہ نہیں بنیں گے۔ اُن کا کہنا تھا کہ لانگ مارچ صوابی تک جائے گا اور پھر وہاں وہ آئندہ کے لائحہ عمل کا اعلان کریں گے۔ دریں اثناء ؎ انہوں نے صوبائی کابینہ کے اجلاس سے بھی خطاب کیا جس میں اُن کا کہنا تھا کہ گورنر کا چیف سیکرٹری اور آئی جی کو طلب کرنا اور ان کے ساتھ مشاورت کرنا آئین اور جمہوریت پر حملہ ہے، وہ تنہائی اکثریت کی حامل صوبائی حکومت کی موجودگی میں اس طرح کا اجلاس کسی صورت قابل قبول نہیں، وزیراعلیٰ کو ہٹانے کا آئینی طریقہ عدم اعتماد کی صورت آئین میں موجود ہے، کسی کو جمہوریت پر شب خون مارنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ صوبائی حکومت پر اس وقت یہ الزام عائد کیا جا رہا ہے کہ وہ دہشت گردی کے خلاف ریاست کی بقاء ؎ کی جنگ میں اُس کے ساتھ نہیں کھڑی، شدت سے الزام لگایا جا رہا ہے کہ اُس کا بیانیہ وہی ہے جو کالعدم تحریک طالبان پاکستان (ٹی ٹی پی) یعنی ''فتنہ الخوارج'' کا رہا ہے۔ یہ تاثر عام ہو رہا ہے کہ صوبائی حکومت کا موقف اُس بیانیے کا عکاس ہے جس کے تحت ماضی میں دہشت گردی کے خلاف چلی گئی ''ڈالرز کے لئے مسلط کی گئی جنگ'' قرار دیا جاتا رہا اور یہ کہا جاتا رہا کہ ''یہ ہماری اپنی جنگ نہیں ہے''۔ اسی سوچ کے تحت نہ صرف فوجی کارروائی کی مخالفت کی جاتی ہے بلکہ ٹی ٹی پی اور اُن کے سہولت کاروں بالخصوص افغان طالبان حکومت کی طرف سے کیے جانے والے خونریز حملوں کی کھل کر مذمت نہیں کی جاتی۔ خیبر پختونخوا میں دہشت گردی کے واقعات میں تشویشناک اور ہولناک اضافہ دیکھنے میں آ رہا ہے۔ رواں سال کے ابتدائی نو ماہ کے دوران 1,018 بڑے دہشت گرد حملے ہو چکے ہیں۔ ان کا سب سے بڑا ہدف ریاست کی پہلی دفاعی لائن یعنی پولیس اور دیگر قانون نافذ کرنے والے ادارے رہے ہیں جنہیں دو تہائی حملوں میں نشانہ بنایا گیا۔ ان سفاکانہ کارروائیوں میں 1,959 سے زائد افراد شہید ہو چکے ہیں اور ان میں بڑی تعداد پولیس افسروں، جوانوں اور عام شہریوں کی ہے۔ یہ بھی کہا جا رہا ہے کہ دہشت گردی کی اس لہر کے مقابلے کے لئے صوبائی پولیس فورس کی صلاحیتوں کو بڑھانے کے بجائے انہیں دانستہ یا نادانستہ طور پر کمزور رہنے دیا گیا ہے۔ خیبر پختونخوا پولیس کے انسپکٹر جنرل بار ہا اس نا گفتہ بہ صورت حال اور وسائل کی عدم دستیابی پر تشویش کا اظہار کر چکے ہیں۔ آج بھی کے پی کے پولیس میں نو ہزار سے زائد آسامیاں خالی پڑی ہیں جبکہ کچے کے بیٹ ہوئے بکرز اور پولیس چیک پوسٹیں جدید ترین اسلحے سے لیس دہشت گردوں اور خودکش حملوں کا سامنا کرنے پر مجبور ہیں۔ ان عارضی اور بوسیدہ پوسٹوں کو پختہ اور محفوظ بنانے کے لئے پولیس کو 42 ارب روپے درکار تھے لیکن طویل التوا ؤں اور منت سماجت کے بعد قسطوں میں صرف 1.2 ارب روپے جاری کیے گئے۔ اس ابتر صورتحال کے باعث پولیس فورس دہشت گردوں کے سامنے بے یار و مددگار دکھائی دیتی ہے۔ ناقدین کے نزدیک یہ محض انتظامی سستی نہیں بلکہ ایک دانستہ سنگین غلطی ہے۔ پی ٹی آئی کی صوبائی حکومت پر یہ تنقید بڑھ رہی ہے کہ وہ اس قومی جنگ میں ریاست کے شانہ بشانہ کھڑے ہونے میں ناکام رہی ہے۔ وفاقی حکام اور سیاسی اداروں کا پیغام واضح ہے کہ مزید پاکستانیوں کا خون بہانے کی اجازت نہیں دی جائے گی اور دہشت گردی کیخلاف زیرو ٹالرینس کی پالیسی اپنائی جائے گی۔ صورتحال کا تقاضہ ہے کہ صوبائی حکومت سڑکیں ناپنے اور اسلام آباد پر مہینہ طور پر چڑھائی کرنے کے بجائے سنگین الزامات کا ٹھوس اور منطقی جواب دے۔ وزیراعلیٰ سہیل آفریدی بطور انتظامی سربراہ اپنی آئینی اور قانونی ذمہ داریاں پوری کریں۔ صوبائی حکومت آئین میں درج گورنر راج یا ایمرجنسی کے خطرے کو سیاسی کارڈ کے طور پر استعمال کرتے ہوئے لوگوں کو سڑکوں پر لانے کی کوشش کر رہی ہے، اس کا براہِ راست نتیجہ نہ صرف صوبے میں اَمن اور امان کی مزید خرابی بلکہ دہشت گردی کیخلاف جاری قومی جدوجہد کو نقصان پہنچانے کی صورت نکل سکتا ہے۔ صوبائی حکومت کو چاہئے کہ وہ احتجاج کی سیاست کو موخر کر کے اپنے صوبے کے اَمن و امان پولیس سمیت قانون نافذ کرنے والے اداروں کی پشتیبانی اور دہشت گردی کے خاتمے کو پہلی ترجیح بنائے۔ حکومت اور پی ٹی آئی کے درمیان دوبارہ مذاکرات کے اشارے مل رہے ہیں، مولانا فضل الرحمان سے بھی ملاقات کر چکے ہیں۔ اللہ کرے کہ ہمارے قومی اور صوبائی رہنما نکتہ آفرینی کے بجائے حالات کو سنبھالنے کی بھرپور کوشش کریں گے، کسی کی اَنا کو بھی قومی مفادات سے بڑا نہیں ہونا چاہئے۔

اب بھی دیکھ لیں کہ تحریک انصاف اور حکومت کی کمیٹیوں کے درمیان مذاکرات کے دور ہو چکے لیکن کامیابی والی منزل نہیں ملی۔ سہیل آفریدی اپنے لانگ مارچ کو اپنے ہی صوبے میں گھما پھرا رہے اور اسلام آباد پر چڑھائی کا رعب دیتے چلے آ رہے ہیں۔ دوسری طرف اسلام آباد کو اب کنٹینروں کا شہر کہا جانے لگا ہے کہ حکومت اور انتظامیہ کسی بھی قیمت پر ہجوم کو اسلام آباد تک پہنچنے کی اجازت نہیں دینا چاہتی اس کی جگہ یہ عزم ہے کہ اسلام آباد پر چڑھائی کا منصوبہ آخری ہوگا اس کے بعد کسی کو ایسا کرنے کی جرائت نہیں ہوگی۔ ان حالات میں ایک بار پھر جمعیت علماء ؎ اسلام (ف) کے مرکزی امیر مولانا فضل الرحمٰن مرکز نگاہ بن گئے ان کے بارے میں ہمیں خوش فہمی تھی کہ وہ نوابزادہ (مرحوم) کی جانشینی کے فرائض انجام دے سکیں گے۔ مجھے تو یقین ساتھا کہ ان سے تب کا واسطہ ہے جب وہ صرف صاحبزادہ فضل الرحمٰن تھے۔ اب ماشاء ؎ اللہ بزرگ اور دعا دیتے ہیں، مجھے یاد ہے کہ 1988ء ؎ میں جب اقتدار کا ہما محترمہ بے نظیر کے سر پر بیٹھ گیا تو مولانا فضل الرحمٰن ایم این اے ہوسٹل اسلام آباد میں بہت زیادہ متحرک تھے اور نوابزادہ نصراللہ خان کو صدر مملکت بنانے کے لئے لانگ کر رہے تھے۔ ان دنوں میں بھی رپورٹنگ کے لئے اسلام آباد میں تھا اور قریباً سارا دن ایم این اے ہوسٹل ہی میں گزرتا اور خبروں کی ترسیل کا سلسلہ بھی جاری رہتا، دونوں حضرات (نوابزدہ +صاحبزادہ فضل الرحمٰن) سے مسلسل رابطہ تھا، مجھے بتایا گیا کہ محترمہ بے نظیر بھٹو نے یقین دلا رکھا ہے لیکن پھر وہ ہوا جو اقتدار کے کھیلوں میں ہوتا ہے اور محترمہ کو غلام اسحاق خان ہی نہیں، صاحبزادہ یعقوب علی خان کو بھی قبول کرنا پڑا، ان دنوں ہی میری جہانگیر بدر (بادشاہ) سے طویل بحث ہوگئی میرا موقف تھا کہ پیپلز پارٹی اقتدار کی بجائے حزب اختلاف کا کردار چنتی تو اس کی مستقبل میں سیاست نا قابل تسخیر ہو جاتی۔ بادشاہ (مرحوم) کا جواب تھا کہ اس پر غور کیا گیا اور پھر فیصلہ اقتدار کا ہوا کہ پیپلز پارٹی کے کارکن (جیالے) طویل عرصہ سے مار کھاتے چلے آ رہے ہیں اس لئے ان کو کچھ صلہ ملنا چاہیے، بہرحال اسی کا نتیجہ تھا کہ نوابزادہ رہ گئے اور اسحاق خان صدر ہو گئے۔ یہ سب یوں عرض کیا کہ مولانا اور نوابزادہ کے مراسم کا تذکرہ کر سکوں تاکہ یہ وضاحت ہو جائے کہ نوابزادہ نصراللہ کی قربت ان (فضل الرحمٰن) کے روشن مستقبل کی علامت بنی اور تب ہی سے یہ خیال ہوا کہ ایک روز مولانا بھی نوابزادہ کا منصب سنبھال لیں۔ گزشتہ ایک دہائی کے دوران ملک میں جو سیاست ہوئی اس پر نگاہ رکھنے سے یہی ثابت ہوا کہ محترم مولانا فضل الرحمٰن بتدریج مرکزی شخصیت بنتے چلے گئے لیکن خود مولانا کی اپنی بھی افتادِ طبع ہے کہ وہ درمیان میں اس کردار سے استثنیٰ لیتے رہے۔ اب بھی کچھ عرصہ سے وہ اپنے آپ میں مگن تھے لیکن لانگ مارچ اور مذاکرات کی ناکامی نے ایک بار پھر ان کو مرکز نگاہ بنا دیا، تحریک انصاف والے مذاکرات کی ناکامی پر بھاگے بھاگے ان کے پاس پہنچ گئے کہ حضرت پھر سے عمرہ کی سعادت حاصل کر کے واپس آئے تھے اگرچہ یہ ان کا پہلا عمرہ نہیں، تاہم کچھ تو تقریب بہر ملاقات کے مصداق تحریک انصاف والے ان کے گھر پہنچ گئے اور دکھ سنایا، مولانا نے مایوس نہیں کیا اور جہاں سیاسی حقوق کا ذکر کیا وہاں یہ کہہ کر بھی پی ٹی آئی والوں کا حوصلہ بڑھایا کہ لانگ مارچ کو اسلام آباد آنے دینا چاہیے (اگرچہ مولانا کا اپنا لانگ مارچ پشاور چوک تک محدود رہا اور جنرل باجوہ سے ملاقات کے بعد وہیں سے منتشر ہو گیا) یوں اگر اپوزیشن کی حوصلہ افزائی ہوئی تو حزب اقتدار کی بھی دوڑ لگ گئی اور سپیکر ایاز صادق کی قیادت میں وفد پہنچ گیا تو مولانا جو ہمارے بزرگ ہیں (میلاد بھی تو ہے) ان کی بھی تسلی ہوگئی تاہم حضرت کی طرف سے ابھی نوابزادہ نصراللہ والا کامیاب کردار سامنے نہیں آیا اگرچہ ''سیانوں'' نے کہا ''مولانا مفاہمت کے لئے کردار ادا کر سکتے ہیں''۔ میرا خیال ہے کہ مولانا پھر سے اچھی پوزیشن میں ہیں وہ مصالحت یا مفاہمت کی طرف جا تو سکتے ہیں اس کی ضرورت بھی ہے لیکن خود ان کے اپنے بھی تو شکوے ہیں اور اس کے علاوہ محترم محمود اچکزئی کے بے لچک رویے پر بھی نظر رکھیں تو بہی ظاہر ہوگا کہ ''پردہ غیب ہی سے اچھا ہو سکتا ہے''۔

علامہ اقبال پر دستاویزی فلم کا قصہ!

خالد کاشمیری

ماہ دسمبر 1968ء ؎ کے آخری دنوں کی بات ہے۔ ان دنوں اسمبلی چیمبرز کے قریب ترین کی وسیع و عریض عمارت الفلاح بلڈنگ میں واقع الفلاح سینما پوری طرح شاد و آباد ہوا کرتا تھا۔ اس میں ایک روز کرنل فقیر سید وحید الدین کے حوالے سے ''روزگار فقیر'' کے نام سے حکیم الامت علامہ اقبال؟ کی زندگی اور شاعری پر مشتمل ایک دستاویزی فلم کی نمائش دیکھنے کا دعوت نامہ اخبار نویسوں کو موصول ہوا۔ اس میں یہ بھی بتایا گیا تھا کہ یہ فلم کرنل فقیر سید وحید الدین نے تیار کرائی ہے اور اس فلم کا تحریری خاکہ اور منظر نامہ ترقی پسند معروف شاعر فیض احمد فیض نے مرتب کیا ہے۔ فلم کی نمائش سے قبل پروڈیوسر سید وحید الدین کی طرف سے فلم سے متعلق جو ''چند ضروری باتیں'' ناظرین کے گوش گزار کی گئیں ان میں یہ بھی کہا گیا کہ فلم انسانی علم و فکر میں اضافہ کا ایک موثر ذریعہ ہے اور دنیا کے متعدد ممالک نے یہ ذریعہ اپنے قومی مشاہیر کی شخصیت کو اُجاگر کرنے میں استعمال کیا ہے، چنانچہ بھارت میں نیگور پر، رائے الحروف نے اس وقت بھی بہانگ دہل لکھا کہ روزگار فقیر کو ''خاکہ نویس'' کو کلام اقبال میں اپنے نظریات کے پرچار کے لئے اشتراکی ممالک کے انقلابات تو سمجھ میں آ گئے لیکن اقبال نے کرہ ارض پر بکھرے ہوئے پیرانِ تو حید کو ایک ہوئے اس طرح جوا حساس دلایا تھا اسے سرے سے ہی نظر انداز کر دیا کہ فلم کے تدوین کار نے علامہ اقبال؟ کو ایک محدود خطہ زمین کا شاعر ظاہر کرنے کی کوشش کی، فلم میں علامہ اقبال؟ کے نظریہ عالم اسلام کے اسلام علامہ اقبال؟ کے حیات و افکار یا نظریات کی جھلک نمایاں ہوتی یا اس دنیا کو اس مرد قلندر کی عظمت سے روشناس کرانے میں مدد ملتی۔ محض سراب کے سوا کچھ نہیں تھا۔ اس دو ہزار آٹھ فٹ لمبی رنگین فلم پر یقیناً لاکھوں روپے صرف کئے گئے مگر بچی بات تو یہ ہے کہ اس کی ترتیب و تدوین میں شاعر و مفکر اسلام کے حقیقی نظریاتی پہلوؤں کو جگہ دی جاتی تو ملک میں ایک حقیقی ''ہیرو'' پر تیار ہونے والی یہ پہلی عظیم الشان دستاویزی فلم قابل صد تحسین قرار پاتی، لیکن اس معاملے میں ملک بھر میں خدا یا آزومیری بھی ہے!

مرا نور بصیرت عام کردے

ستم بالائے ستم یہ بات کہ روزگار فقیر ؎ 1938 تک ہے، حالانکہ علامہ اقبال؟ نے جس ملک کے حصول کی بشارت دی تھی، تصور پیش کیا تھا اس کی عملی تعبیر اور اس کے لئے عہد آزما جدوجہد کی جھلکیاں فلم کے لئے لازمی حصہ کی حیثیت ہونا چاہئے تھیں۔ علامہ اقبال؟ ہی کی زندگی میں حضرت قائداعظم؟ سے اسلامیان ہند کی قیادت سنبھالی تو علامہ اقبال؟ پکار اٹھے تھے لوکی اندازہ کر سکتا ہے اس کے زور بازو کا

نگاہ مرد مومن سے بدل جاتی ہیں تقدیریں

اس دستاویزی فلم کو دیکھ کر یوں محسوس ہوا، کہ فلم کی ترتیب میں اس بات کا خاص خیال رکھا گیا کہ اس میں وہ پہلو نہ آنے پائیں جو اس ملک میں اقبال سے محبت و عقیدت کی اصل بنیاد ہیں۔ فلم میں 1940ء ؎ کی قرارداد پاکستان سے لیکر قیام پاکستان تک کے مناظر شامل ہوتے کہ علامہ اقبال؟ کے تصور وطن کے حصول کی خاطر کتنی عظیم جان توڑ جدوجہد کی گئی تھی اگرچہ ''روزگار فقیر'' ایک اچھی کوشش تھی لیکن ترقی پسند ذہن کا شکار ہو گئی ایسا ذہن جس کے متعلق حکیم الامت ہی کا ارشاد گرامی ہے:

حضرت علامہ اقبال؟ کے حیات و افکار سے متعلق ایسے پہلو کیسے نظر انداز ہو سکتے ہیں، مگر روزگار فقیر میں انہیں نظر انداز کرنے کا گمان گزرتا ہے، جہاں تک فیض احمد فیض کے آفتاب علم و ادب اور اپنے مخصوص نظریات میں ایک یکتا مقام کے حامل مقام پر سرفراز ہونے کا تعلق ہے وہ اپنی جگہ ایک مسلمہ حقیقت ہے مگر جہاں تک علامہ اقبال؟ کے ان کے نظریات کا تعلق ہے بلاشبہ وہ ایک متوازی خطوط کی حیثیت رکھتے ہیں، تبھی تو جب یہ معلوم ہوا تھا کہ علامہ اقبال؟ کے فکری افکار و نشریات سے عبارت دستاویزی فلم کی تدوین و ترتیب کا بیڑہ فیض احمد فیض اُٹھا چکے ہیں۔ علامہ اقبال؟ کے فکری افکار سے شناسائی رکھنے والوں کا یہ خدشہ غلط نہ تھا کہ..... ساقی نے کچھ ملا نہ دیا ہو شراب میں، چنانچہ پھر فلم میں اس کی نشاندہی بھی ہوئی اور پھر اس حوالے سے میری تحریر طعن و تشنیع کا نشانہ بھی بنی، کیونکہ میری ''کج فہمی'' کو ایسے ''روشن دماغ'' کب برداشت کرتے جو مشرق کی سرحدی اڑان ہونے تک سرخ پرچم کی اڑانوں کے ترانے لگاتے رہے۔ رائے الحروف نے اس وقت بھی بہانگ دہل کہا تھا کہ روزگار فقیر کو ''خاکہ نویس'' کو کلام اقبال میں اپنے نظریات کے پرچار کے لئے اشتراکی ممالک کے انقلابات اور ہیں، ضرورت تھی کہ پاکستان میں شاعر مشرق علامہ اقبال؟ کی حیات و افکار پر مبنی ایک نہایت ہی بلند معیار کی لاثانی دستاویزی فلم تیار کی جائے تاکہ دنیا ہمارے اس ہیرو کی عظمت سے روشناس ہو چکے۔ بلاشبہ سید وحید الدین کی یہ ایک اچھی کوشش تھی لیکن جہاں تک اس بات کا تعلق تھا اور ہے اس فلم سے مفکر اسلام علامہ اقبال؟ کے حیات و افکار اتحاد، عشقِ سرور کائنات؟ سے سرشار ہونے کا اشارہ تک نہیں۔ اس سے متعلق کلام اقبال سے مطابقت رکھنے والے اشعار کے مطابق مناظر فلمائے جاتے تو یقیناً اس دستاویزی فلم کے مقاصد بہت حد تک حاصل ہونے میں مدد ملتی خالصتاً اپنی وحدت المسلمین کی بنیادی سوچ و فکر و نظریات پر مبنی جذبات کے اظہار کے لئے والہانہ انداز میں پکارتے ہیں

جوانوں کو مری آہ سحر دے

پھر ان شاہین بچوں کو بال و پر دے

خدایا آرزو میری یہی ہے!

تمغہ امتیاز کے حقیقی حقدار ''میاں سالک جلال''

میاں اشفاق انجم

کرپشن کا ناسور ہمارے معاشرے میں اس حد تک گھر کر چکا ہے کوئی بھی کام اس کے بغیر ہوتا نظر نہیں آتا۔ ہمارے سرکاری اداروں کا تو کوئی پرسانِ حال نہیں اگر کوئی کام نذرانہ دیئے بغیر ممکن نہیں اس میں پولیس اور جیل خانہ جات کا محکمہ سرفہرست ہے ویسے تو ہمارے سارے محکموں کا آوا ہی بگڑا ہوا ہے سب اپنی اصلی چال بھول چکے ہیں، رشوت ستانی کا ایسا گٹھ جوڑ ہے اب ملاوٹ نے بھی ان سے ملی بھگت کر لی ہے اس لئے کہا جا سکتا ہے ملاوٹ کے بغیر کوئی چیز دستیاب نہیں اور ستانی اور نذرانے کے بغیر کسی کام کا ہونا ممکن نہیں رہا۔ بات تمہید میں دوسری طرف چلی گئی۔ گذشتہ ہفتے ہمارے محترم سہیل وڑائچ صاحب نے اپنے کالم میں تمغہ امتیاز کے حقیقی حقداروں کی نشاندہی کرتے ہوئے کہا تھا مجھے کوئی اعتراض نہیں ہے جن کو تمغہ امتیاز سے نوازا گیا ہے مگر ان افراد کو بھی ملنا چاہیے پھر ان کی خدمات کا ذکر بھی انہوں نے کیا تھا۔ سہیل وڑائچ صحافت کے قلندر ہیں اس سے بہت کچھ سیکھنے کا موقع ملتا ہے۔ آج کے کالم میں پنجاب کی 45 جیلوں میں بند 66 ہزار سے زائد قیدیوں اور 21 ہزار سے زائد ان کے حفاظت پر معمور ملازمین کا ذکر مفقود نہیں ہے، جیل کا نظام کیا ہے؟ قیدیوں کی حالتِ زار کیا ہے؟ قیدیوں سے ملاقات کا کیا نظام ہے؟ خواتین اور بچوں کے لئے جیل کا کیا نظام ہے؟ اس پر میں کتاب لکھ سکتا ہوں گزشتہ 28 سال سے زائد عرصہ سے صحافتی شعبہ سے منسلک ہونے کی وجہ سے بہت سے محکموں کی کارکردگی کو قریب سے دیکھنے کا موقع ملا ہے اس کی بنیادی وجہ سوشل سروسز میں دلچسپی تھی۔ یہی وجہ ہے کہ کئی سال تک نان آفیشل وزیٹر کی حیثیت سے جیلوں میں جانے، قیدیوں سے ملنے اور ان کے نظام کو سمجھنے کا موقع ملا اس کی بنیادی وجہ تمغہ امتیاز پانے والے محترم بھائی میاں فاروق نذیر صاحب تھے جو پونے چھ سال تک آئی جی جیل خانہ جات رہے، اس سے پہلے کئی سال تک ڈی آئی جی جیل رہے۔ میاں فاروق یونیورسٹی میں سوشل ورک میں ہمارے سینئر تھے دوسرے ہمارے محترم ملک مشرف سے جو چارماہ تک آئی جی رہے ہیں وہ ہمارے کلاس فیلو تھے۔ تیسری شخصیت میاں سالک جلال کی ہے جو ڈی آئی جی ایکسائز، ڈی آئی جی پنڈی، ڈی آئی جی ہیڈ کوارٹر رہنے کے بعد آخر کل آئی جی کی حیثیت سے فرائض انجام دے رہے ہیں ان سے میرا تعلق حرمین شریفین کے ساتھ ساتھ بھائیوں جیسا احترام و فیملی کا ہے۔ ان کی خوبی ہے وہ جلال بھی ہیں اور سالک بھی، ان دنوں سوشل میڈیا اور لنک ٹاکروں کو میاں سالک جلال کو رشوت دینے والے انک جیل کے سپرنٹنڈنٹ کو موقع پر گرفتار کرانے کی کہانی کو اپنے اپنے انداز اور رنگ میں پیش کر کے پوائنٹ سکورنگ اور ڈالر کمانے کا موقع ملا ہوا ہے۔ میاں سالک جلال کا اپنا اور سسرالی خاندان خالص لاہوریوں کا خاندان ہے۔ میاں سالک جلال 1994ء ؎ میں پبلک سروس کمیشن سے ڈائریکٹ امتحان پاس کر کے بطور سپرنٹنڈنٹ لگنے والوں میں شامل ہیں۔ ہمارے روزنامہ ''پاکستان'' کے ڈائریکٹر مارکیٹنگ محترم مقبول الرحمان بٹ اکثر کہا کرتے ہیں مارکیٹ میں رہتے ہوئے دو نمبری کرنے والوں کا پیٹ تین ماہ سے زیادہ اندر نہیں رہ سکتا۔ میاں سالک جلال وہ خوش قسمت ترین شخص ہیں۔ جیل خانہ جات کو کرپشن کا جو ہڑ قرار دیا جاتا ہے، مگر میاں سالک جلال وہ پھول ہیں جو جوہڑ میں گلاب کی طرح مہک رہا ہے، ان کی ساری سروس ہی بے داغ اور پاکیزگی کی علامت ہے۔ ابھی جون 2026ء ؎ کی بات ہے جیل خانہ جات میں انقلابی تبدیلیاں کر کے تمغہ امتیاز حاصل کرنے والے میاں فاروق نذیر اپنی الوداعی تقریب کے خطاب میں کہہ رہے تھے میں نے چھ سال میں جو کیا ایک آدمی کا کام نہیں ہے اس کے پیچھے ایک ٹیم ورک ہے اس ٹیم کا سربراہ میاں سالک جلال ہے۔ 15 جون کو میاں فاروق نذیر کی ریٹائرمنٹ سے پہلے کی کہانی بھی کسی سے ڈھکی چھپی نہیں ہے۔ ہوم سیکرٹری ڈاکٹر احمد جاوید قاضی صاحب نے چار افراد کی منیارٹی لسٹ بنا کر وزیراعلیٰ کو بھیجی دو ماہ تک اپنے آپ کو اہل ثابت کرنے کیلئے سوشل میڈیا پر کیا کچھ نہیں کیا گیا۔ جیل کے سپرنٹنڈنٹ کا نام سامنے آیا تو سنجیدہ حل

بقیہ 1

مذہبی مقاصد کو عملی جامہ پہنانے سے پہلے کئی بار سوچیں گے، اس کا مقصد کسی کو ڈسٹرب یا دوست قرار دینا نہیں، بلکہ مقصد معمولی عرب کو فاصلے کرنا ہے اور سعودی عرب کا مقصد کسی کو دشمن قرار دینا نہیں، بلکہ مقصد معمولی عرب کو فاصلے کرنے کے ذریعے پر امن رکھنے کے خاتمے کیلئے ایس پی اے امریکہ ایران جنگ کے خاتمے کیلئے معاہدے کی کوششوں کے حوالے سے کہا کہ ہم نے پاکستان کی طرف سے حقوق و بھائی کے ساتھ بات کرتے ہوئے تاکہ اختلافات ہم ہوں اور مذاکرات کے ذریعے پر امن حل نکلے، ہم چاہتے ہیں کہ یہ تنازعہ جلد ختم ہو، ذی ای آئی ایس پی آر نے کہا کہ پاکستان نے انتہائی دباؤ اور خلوص کے ساتھ ثالثی کا کردار ادا کیا ہے، ہمارا مقصد ایران جنگ بندی کے فوری اعلان کرانا تھا، ہمارا مقصد ایران کو امن اور استحکام میں لانا ہے اور اسے تمام شراکت داروں اور دوستوں کو بتانا ہے کہ ہم مزید کچھ چاہتے ہیں تو کیسے کوئی فائدہ نہیں ہوگا۔

بقیہ 6

منظوری دے دی۔ وزارت دفاعی امور کے حوالے سے کہا کہ وزارت انسانی حقوق کے سیکریٹری بھی وہاں پر شامل ہوں گے جبکہ چاروں صوبوں کی مذہبی امور کی وزارتوں کے سیکریٹری بھی پورا کیا حصہ ہوں گے۔ متوزکہ وقف املاک بورڈ میں 15 غیر سرکاری ارکان کو بھی شامل کیا گیا ہے۔ مسلم لیگ ن کے رہنما اظہار الحق نے کہا کہ وقف املاک بورڈ کے ارکان کی تعداد 15 کی بجائے 9 کی جائے۔ وزیر مذہبی امور نے کہا کہ ارکان کی تعداد کم کرنے سے کوئی فائدہ نہیں ہوگا۔

بقیہ 2

ارکان اور اتحادی تو رہنے دیں، ہمارے ساتھ بیٹھ جائیں، ہم ان کو ساتھ لے کر چلیں گے۔ ذی ای آئی ایس پی آر نے کہا کہ ہم نے ایران کو امریکا کے ساتھ مذاکرات کیلئے ایک ٹیبل پر لانے کی کوشش کی،

صوبائی کابینہ اجلاس بندصنعتوں کی بحالی عوامی سہولیات کیلئے صلاحیات منظور

سرکاری خریداری میں شفافیت، ای ڈومیسائل و لوکل سرٹیفکیٹس کے اجرا میں آسانی، سیاحت اور ثقافت کے فروغ کے فیصلے

بلوچستان میں 16 لاکھ بچوں کو تعلیمی دھارے میں لانے، سرکاری اسکولوں میں دوہری شفٹ شروع کرنے کی پالیسی بھی منظور

کوئٹہ (اے این این) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت صوبائی کابینہ کے اہم اجلاس میں صوبے کے عوامی مفاد، معاشی ترقی، تعلیم، صحت، صنعت، سیاحت، خواتین کے تحفظ، انتظامی اصلاحات اور شہری سہولیات سے متعلق متعدد اہم فیصلوں کی منظوری دے دی گئی۔ کابینہ نے معدنی وسائل سے حاصل ہونے والے مالی فوائد کے مؤثر استعمال، غیر رسمی تعلیم کے فروغ، سرکاری اسکولوں میں دوہری تدریسی شفٹ، بند صنعتوں کی بحالی، سرکاری خریداری کے نظام میں شفافیت، کاروبار میں آسانی، ٹیلی میڈیسن، خواتین کے تحفظ اور عوام کو سرکاری خدمات کی فراہمی آسان بنانے سمیت مختلف شعبوں میں اصلاحات کی منظوری دی۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان کے معاون برائے اطلاعات و سیاسی

(بقیہ 26 اندرونی صفحہ 3 پر)





کوئٹہ، پی پی آئی آئی بلوچستان کے چیف ایگزیکٹو آفیسر ڈاکٹر ایم بیگ آدرش کو جدید ڈیجیٹل بھرتی و جانچ کے نظام ProMetrix کے متعلق میڈیا کو بریفنگ دے رہے ہیں

کوہلو: ڈویژنل ڈائریکٹر اسکولز ڈاکٹر محمد سلیم زرکون کی زیر صدارت اجلاس

ڈویژنل ڈائریکٹر اسکولز کی سامان اور ریکارڈ کی تصدیق یقینی بنانے کی ہدایت

کوہلو (اے این این) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے وژن اور محکمہ اسکولز ایجوکیشن کی ہدایات کے تحت ڈویژنل ڈائریکٹر اسکولز کوہِ سلیمان ڈویژن ڈاکٹر محمد سلیم زرکون کی زیر صدارت گورنمنٹ بوائز ماڈل ہائی سکول کوہلو میں کلسٹر بجٹ، تعلیمی سہولیات اور اسکولوں کو درپیش مسائل کے حوالے سے اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر کوہلو جعفر خان زرکون، ڈسٹرکٹ آفیسر ایجوکیشن میل حفیظ اللہ مری، پرنسپل حاجی تاج محمد مری اور کلسٹر سے منسلک فیڈنگ اسکولز کے اساتذہ نے شرکت کی۔ اس موقع پر ڈاکٹر محمد سلیم زرکون نے اساتذہ کے مسائل اور تجاویز سنے اور تعلیمی سہولیات کی بہتری سے متعلق امور کا جائزہ لیا۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ کلسٹر کے تحت 17 فیڈنگ اسکولز کو مطلوبہ سامان فراہم کر دیا گیا ہے۔ ڈویژنل ڈائریکٹر اسکولز نے ڈپٹی ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر میل کو ہدایت کی کہ تمام متعلقہ اسکولوں میں فراہم کردہ سامان کی دستیابی، مقدار اور ریکارڈ کی باقاعدہ تصدیق کی جائے تاکہ شفافیت اور جواب دہی کو یقینی بنایا جا سکے۔ وزیراعلیٰ

(بقیہ 82 اندرونی صفحہ 3 پر)

خلیجی ممالک میں کشیدگی کے باعث فضائی آپریشن ایک بار پھر متاثر

لاہور (اے این این) سعودی عرب سمیت دیگر خلیجی ممالک میں کشیدگی کے باعث فضائی آپریشن ایک بار پھر متاثر ہونے لگا۔ ایئرپورٹ ذرائع کے مطابق علامہ اقبال انٹرنیشنل ایئرپورٹ سمیت ملک کے دیگر ایئرپورٹ سے درجنوں پروازیں منسوخ اور گھنٹوں تاخیر کا شکار ہیں۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ 42 پروازیں منسوخ اور 68 دو سے سات گھنٹے تک تاخیر کا شکار ہونے کی وجہ سے ہزاروں مسافروں کو مشکلات کا سامنا ہے، سعودی عرب کی پروازیں

(بقیہ 31 اندرونی صفحہ 3 پر)

جمعیت نظریاتی پاکستان کا سعودی عرب پر حوثی ملیشیا کے حملے کی شدید مذمت کا اعلان

عالمِ اسلام کے حکمران سعودی عرب کی سلامتی اور دفاع کے لیے مشترکہ عسکری فورس تشکیل دیں، مرکزی قیادت کا مشترکہ اعلامیہ

کوئٹہ (یو این اے) جمعیت علما اسلام نظریاتی پاکستان کے امیر مرکزیہ مولانا عبدالقادر لونی، مرکزی جنرل سیکرٹری مولانا محمود الحسن قاسمی، صوبائی امیر خیبر پختونخوا مولانا قاضی گل الرحمٰن نکیال، صوبائی امیر بلوچستان مولانا قاری مہراللہ، صوبائی امیر سندھ مولانا عزیز احمد شاہ امروٹی، صوبائی امیر پنجاب مولانا ثناءاللہ فاروقی، صوبائی جنرل سیکرٹری مفتی شفیع الدین، مرکزی نائب امرا مولانا عبدالوہاب ڈھیر اور مولانا عبدالرف، سرپرست اعلیٰ مولانا ڈاکٹر شمس الہدیٰ،

(بقیہ 27 اندرونی صفحہ 3 پر)

سرکاری ملازمین کو فوری اور سستا انصاف فراہم کرنا اولین ترجیح ہے، وفاقی وزیر

اسلام آباد (سی ایم لنکس): وفاقی وزیر قانون وانصاف سینیٹر اعظم نذیر تارڑ نے کہا ہے کہ سرکاری ملازمین کو فوری اور سستا انصاف فراہم کرنا حکومت کی اولین ترجیح ہے، وزارت قانون و انصاف فیڈرل سروس ٹریبونل کو بہتر انتظامی و مالی معاونت فراہم کرے گی تاکہ زیرالتوا اپیلوں کے جلد اور شفاف فیصلوں کو یقینی بنایا جا سکے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعہ کو نوتعینات چیئرمین فیڈرل سروس ٹریبونل رانا اسد اللہ

(بقیہ 34 اندرونی صفحہ 3 پر)

کراچی لی مارکیٹ میں کوچز کے پرانے اسٹاپ کی بحالی کا عمل آخری مرحلے میں داخل

مسافروں کو یوسف گوٹھ کی پریشانیوں سے نجات دلانے کے لیے تمام قانونی تقاضے پورے کر لیے گئے ہیں، پیپلز پارٹی رہنما

خضدار (یو این اے) پیپلز پارٹی کے رہنما اور سابق یوسی ناظم لیاری حاجی غلام حسین کرد نے کہا ہے کہ خضدار ٹرانسپورٹروں کے لیے کراچی لی مارکیٹ میں کوچز کے پرانے اسٹاپ کی بحالی کے لیے بھرپور اور نتیجہ خیز کوششیں جاری ہیں انہوں نے کہا کہ اس سلسلے میں کراچی میں تمام قانونی تقاضے کا غذی کارروائیاں اور طریقہ کار مکمل کر لیا گیا ہے اور معاملہ اب آخری اور فیصلہ کن مراحل میں داخل ہو چکا ہے جی غلام حسین کرد نے کہا کوچوں کے پرانے اسٹاپ کی بحالی کے لیے اسسٹنٹ کمشنر لیاری کی جانب سے مختیار کار لیاری، ٹان میونسپل آفیسر اور ڈی ایس پی ٹریفک کو پارکنگ سائٹ کے تعین کے لیے باقاعدہ مراسلہ بھی جاری ہو چکا ہے انہوں نے کہا کہ ان شاءاللہ بہت جلد خضدار کے عوام اور ٹرانسپورٹرز کو اس حوالے سے بڑی خوشخبری سنائی جائے گی یہ بات سابق یوسی ناظم لیاری حاجی غلام حسین کرد میڈیا کے نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ ہمیں خضدار کے

(بقیہ 33 اندرونی صفحہ 3 پر)

نیشنل پارٹی کی حاجی سمیع اللہ کے قتل کی شدید مذمت

قاتلوں کو فوری گرفتار کر کے قانون کے کٹہرے میں لایا جائے، ملی رہنماؤں کا مطالبہ

پنجگور (یو این اے) نیشنل پارٹی کے رہنما و رکن صوبائی اسمبلی میر رحمت صالح بلوچ اور نیشنل پارٹی کے رہنما و رکن قومی اسمبلی پھلین بلوچ نے انجمن تاجران پنجگور کے سابق چیئرمین اور معروف تاجر حاجی سمیع اللہ کو بسیمہ اور ناگ، ضلع واشک کے درمیان فائرنگ کر کے قتل کیے جانے کے افسوسناک واقعے پر گہرے رنج و غم کا اظہار کرتے ہوئے اس کی شدید مذمت کی ہے۔ اپنے مشترکہ بیان میں دونوں رہنماں نے کہا کہ حاجی سمیع اللہ ایک معروف تاجر اور سماجی شخصیت تھے۔ ان کا اس طرح قتل کیا جانا نہایت افسوسناک اور قابلِ مذمت واقعہ ہے۔ اس اندوہناک سانحے سے مرحوم کے اہلِ خانہ، عزیز و اقارب، تاجر برادری اور اہل پنجگور کو شدید صدمہ پہنچا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں تاجروں، مسافروں اور عام شہریوں کی جان و مال کا تحفظ ایک

(بقیہ 44 اندرونی صفحہ 3 پر)

پاکستان تحریک انصاف کا اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق سے رابطہ

اسلام آباد (اے این این) پاکستان تحریک انصاف کی جانب سے علی محمد خان نے ایاز صادق سے رابطہ کیا، علی محمد خاں نے کہا کہ مذاکرات کا تیسرا دور لازمی ہونا چاہیے، مذاکرات ہوں گے تو معاملات بہتری کی طرف جائیں گے، ہم چاہتے ہیں کہ مذاکرات کا تیسرا دور ہو تاکہ سیاسی تنا میں کمی آ سکے۔ علی محمد خان نے کہا کہ تمام سیاسی رہنماں کو اسلام آباد میں ہونا چاہیے تاکہ بات چیت کا عمل

(بقیہ 43 اندرونی صفحہ 3 پر)

شواہد موجود پی ٹی آئی کے پاکستان دشمنوں سے رابطے ہیں، خواجہ آصف

پی ٹی آئی والے ٹی ٹی پی کے ساتھ سیٹ ہیں۔ ہمارا ایک صوبہ ان کا یرغمال بنا ہوا ہے، صوبائی حکومت ان کے ساتھ ملی بھگت میں ہے

کون سی روایت ہے کہ جب اقتدار میں نہ ہوں تو ملک کے دارالحکومت پر دھاوا بول دو، ہم ایسے گروہ سے ڈیل کر رہے ہیں، جن کی نیتیں ٹھیک نہیں، وزیر دفاع

اسلام آباد (اے این این) وزیر دفاع خواجہ آصف نے الزام عائد کیا ہے کہ پی ٹی آئی کے پاکستان دشمنوں سے رابطے ہیں۔ ایک انٹرویو میں خواجہ آصف نے کہا کہ پی ٹی آئی کے پاکستان کے دشمنوں سے رابطے ہیں، یہ بھتے کی شکل میں ان کی مدد بھی کرتے ہیں۔ تحریک انصاف کے پاکستان دشمنوں سے رابطوں اور بھتے کے شواہد موجود ہیں۔ وزیر دفاع کا کہنا تھا کہ پی ٹی آئی والے ٹی ٹی پی کے ساتھ سیٹ ہیں۔ ہمارا ایک صوبہ ان کا یرغمال بنا ہوا ہے، صوبائی حکومت ان کے ساتھ ملی بھگت میں ہے۔ انہوں نے کہا کہ کون سی روایت ہے کہ جب اقتدار میں نہ ہوں تو ملک کے دارالحکومت پر دھاوا بول دو، ہم ایسے گروہ سے ڈیل کر رہے ہیں، جن کی نیتیں ٹھیک نہیں۔ ہمارا ایک صوبہ ان کا یرغمال بنا ہوا ہے، صوبائی حکومت ان کے ساتھ ملی بھگت میں

(بقیہ 45 اندرونی صفحہ 3 پر)

مرکزی انجمن تاجران بلوچستان اور پنجگور کے عہدیداران کی جانب سے حاجی سمیع اللہ کے قتل کی شدید مذمت

امن و امان برقرار رکھنے میں حکومت اور پولیس ناکام ہو چکی ہے، قاتلوں کی فوری گرفتاری اور شٹر ڈاؤن ہڑتال کی حمایت کا اعلان

کوئٹہ (یو این اے) مرکزی انجمن تاجران بلوچستان کے صدر عبدالرحیم کاکڑ، حضرت علی اچکزئی، میر یاسین مینگل، سعداللہ اچکزئی، ہاشم کاکڑ، ظفر کاکڑ، عبدالخالق اغا عبدالعلی دمڑ وڈان علی کاکڑ، اللہ داد اچکزئی، جہانگیر لانگو، نقیب اللہ کاکڑ، عمر دورانی دوست محمد آغا، احسان کاکڑ۔ اتحاد تاجران کے حسن آغا، شاہ رضا علی رضا، قاہر ترین، نایت دورانی، صد

(بقیہ 28 اندرونی صفحہ 3 پر)

بلوچستان ریونیو اتھارٹی کا ٹیکس بیس بڑھانے کے لیے اقدامات تیز

ٹیکس قوانین پر عملدرآمد یقینی بنانے کے لیے بلوچستان ریونیو اتھارٹی کی آگاہی و انفورسمنٹ مہم جاری

کوئٹہ (اے این این) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے وژن کے تحت بلوچستان ریونیو اتھارٹی (BRA) صوبے میں پروفیشنز، ٹریڈز، کانٹریکٹرز اور ایمپلائمنٹ سے وابستہ افراد اور کاروباری اداروں کو ٹیکس نظام میں شامل کرنے اور ٹیکس بیس کو وسعت دینے کے لیے اقدامات تیز کر رہی ہے۔ بلوچستان ریونیو اتھارٹی کی جانب سے متعلقہ شعبوں میں رجسٹریشن، ٹیکس تعمیل اور واجب الادا پروفیشنل ٹیکس کی ادائیگی کے حوالے سے آگاہی اور انفورسمنٹ کا عمل جاری ہے، تاکہ قابلِ ٹیکس سرگرمیوں کو مؤثر انداز میں دستاویزی شکل دی جا سکے۔ اس سلسلے میں

(بقیہ 35 ندرونی صفحہ 3 پر)

یونان میں غیر قانونی طور پر داخل ہونے والے 40 پاکستانی ڈی پورٹ

زیادہ تر افراد قانونی طور پر ایئر روٹس سے گئے اور سلپ ہو کر یورپ داخلے کی کوشش میں پکڑے گئے، حکام

راولپنڈی (اے این این) یونان میں غیر قانونی طور پر داخل ہونے والے 40 پاکستانیوں کو ڈی پورٹ کر کے خصوصی پرواز کے ذریعے اسلام آباد بھیج دیا گیا۔ ڈیپورٹیز کا تعلق ضلع منڈی بہاالدین، گجرات، گجرانوالہ اور سیالکوٹ سے ہے، جبکہ اسلام آباد کا صرف ایک ڈیپورٹی اس فہرست میں شامل ہے۔ یہ تمام افراد لیبیا کے راستے غیر قانونی طریقے سے یونان داخل ہوئے تھے، جہاں انہیں مختلف حراستی کیمپوں میں رکھا گیا تھا۔ نیو اسلام آباد ایئرپورٹ پر امیگریشن حکام نے ڈیپورٹیز کا کیس ٹو کیس جائزہ لیا۔ انہوں نے کہا کہ زیادہ تر افراد ایئر روٹس کے ذریعے قانونی طور پر پاکستان سے گئے، بعد ازاں سلپ ہو کر غیر قانونی طور پر یورپ جانے کی کوشش کے دوران پکڑے گئے۔ ڈیپورٹیز سے اپنے اپنے ریجن کے ایف آئی اے انسداد انسانی اسمگلنگ سیلز میں تحقیقات ہوں گی۔ انہوں نے مزید کہا کہ تحقیقات میں حاصل ہونے والی معلومات سے

(بقیہ 42 اندرونی صفحہ 3 پر)

بچیوں کو معیاری تعلیم کی فراہمی ترقی یافتہ اور خوشحال معاشرے کی تشکیل کے لیے ناگزیر ہے، کرن بلوچ

چیئرپرسن بی سی ایس ڈبلیو کرن بلوچ کا بچیوں کی تعلیم کے فروغ کے لیے میر سرفراز بگٹی کے اقدامات کا خیر مقدم

کوئٹہ (اے این این) بلوچستان کمیشن آن دی اسٹیٹس آف ویمن (بی سی ایس ڈبلیو) کی چیئرپرسن کرن بلوچ نے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی جانب سے بچیوں کو تعلیمی مواقع فراہم کرنے کے لیے کیے جانے والے اقدامات کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا ہے کہ بچیوں کی تعلیم پر توجہ دینا ایک ترقی یافتہ، باشعور اور خوشحال معاشرے کی تشکیل کے لیے ناگزیر ہے۔ انہوں نے کہا کہ تعلیم ہر بچی کا بنیادی حق ہے اور معیاری تعلیمی سہولیات تک رسائی فراہم کر کے نہ صرف ان کے روشن مستقبل کی بنیاد رکھی جا سکتی ہے بلکہ خواتین کو معاشی اور سماجی طور پر بااختیار بنانے کی راہ بھی ہموار کی جا سکتی ہے۔ بلوچستان کی ترقی کے لیے ضروری ہے کہ بچیوں کو تعلیم کے یکساں مواقع فراہم کیے جائیں تاکہ وہ اپنی صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے صوبے کی ترقی میں مؤثر

(بقیہ 37 اندرونی صفحہ 3 پر)

پاکستان تحریک انصاف کا اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق سے رابطہ

اسلام آباد (اے این این) پاکستان تحریک انصاف کی جانب سے علی محمد خان نے ایاز صادق سے رابطہ کیا، علی محمد خاں نے کہا کہ مذاکرات کا تیسرا دور لازمی ہونا چاہیے، مذاکرات ہوں گے تو معاملات بہتری کی طرف جائیں گے، ہم چاہتے ہیں کہ مذاکرات کا تیسرا دور ہو تاکہ سیاسی تنا میں کمی آ سکے۔ علی محمد خان نے کہا کہ تمام سیاسی رہنماں کو اسلام آباد میں ہونا چاہیے تاکہ بات چیت کا عمل

(بقیہ 43 اندرونی صفحہ 3 پر)

ایس آئی ایف سی کی سہولت کاری، خصوصی اقتصادی زونز میں 76 ارب کی سرمایہ کاری

تمبر میں پنجاب کے خصوصی اقتصادی زونز میں مجموعی طور پر 34 کاروباری درخواستوں کی منظوری

اسلام آباد (اے این این) خصوصی سرمایہ کاری سہولت کونسل (ایس آئی ایف سی) کی مسلسل کوششوں اور سہولت کاری کے نتیجے میں ماہ ستمبر کے دوران پنجاب کے خصوصی اقتصادی زونز میں مجموعی طور پر 34 کاروباری درخواستوں کی منظوری دی گئی، جس سے 76 ارب روپے سے زائد کی سرمایہ کاری کی راہ ہموار ہوئی ہے۔ خصوصی اقتصادی زونز میں سرمایہ کاری کے ان منصوبوں سے ٹیکسٹائل، کیمیکلز، زرعی پروسیسنگ اور دیگر صنعتی شعبوں میں کاروباری سرگرمیوں کو فروغ ملے گا، جبکہ ان شعبوں میں 7 ہزار سے زائد ممکنہ روزگار کے مواقع بھی پیدا ہونے کی توقع ہے سرمایہ کاری بڑھانے اور صنعتی منصوبوں کو عملی شکل دینے کے لیے مسلسل سہولت کاری فراہم کر رہی ہے۔



کوئٹہ، ڈائریکٹر نیب بلوچستان بمعہ دیگر مقررین، بلوچستان اکیڈمی برائے کالج ٹیچرز کے شرکاء سے نیب کے کام کا طریقہ کار اور بدعنوانی کے خاتمے میں اساتذہ کے کردار کے حوالے سے خطاب کر رہے ہیں۔

ایران کا یورینیئم افزودگی ترک اور افزودہ ذخائر حوالے کرنے سے انکار

یورینیئم کی افزودگی جوہری عمل کا ایک لازمی اور ناقابلِ علیحدگی حصہ ہے، کسی بھی صورت میں ترک نہیں ہو سکتا

تہران (اے این این) ایران نے یورینیئم افزودہ کرنے کے اپنے حق سے دستبردار ہونے اور افزودہ یورینیئم کے ذخائر حوالے کرنے سے انکار کر دیا۔ ایرانی میڈیا کے مطابق ایرانی جوہری توانائی تنظیم کے سربراہ محمد اسلامی نے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ نے کہا ہے کہ ایران کسی صورت یورینیئم افزودہ کرنے کا عمل ترک نہیں کرے گا۔ محمد اسلامی نے کہا کہ یورینیئم کی افزودگی جوہری عمل کا ایک لازمی اور ناقابلِ علیحدگی حصہ ہے۔ ان سے پوچھا گیا کہ کیا تہران یورینیئم افزودہ کرنے کا عمل ترک کر سکتا ہے تو انہوں نے جواب دیا کہ کسی بھی صورت میں نہیں۔



کوئٹہ، رکن صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ اسمبلی اجلاس میں قرارداد پیش کر رہے ہیں

پورے ملک فسطائیت راج ہم انہیں کہتے ہیں ہوش کے ناخن لیں، سلمان اکرم راجہ

کوئی ایسا معاہدہ نہیں کریں گے جو بے اصولی پر مبنی ہو، ہر مصیبت جھیلنے کو تیار مگر اصولوں سے دستبرداری اختیار نہیں کریں گے

لاہور (اے این این) پی ٹی آئی جنرل سیکرٹری سلمان اکرم راجہ نے کہا ہے کہ کوئی ایسا معاہدہ نہیں کریں گے جو بے اصولی پر مبنی ہو، ہم نے بار بار کہا کہ عوام کا خون ہمارے لئے مقدم ہے، ایسے لائحہ عمل کا حصہ نہیں بنیں گے جس سے بیگناہوں کا لہو بہے۔ لاہور ہائیکورٹ آمد پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے سلمان اکرم راجہ کا کہنا تھا بے گناہوں کو بے گھر نہیں ہونے دیں گے، ہر مصیبت جھیلنے کو تیار ہیں مگر اصولوں سے دستبرداری اختیار نہیں کریں گے۔ ل سیکرٹری ہوں میرے اوپر بہت ذمہ داریاں ہیں،

وزیراعلیٰ سہیل آفریدی، علی امین گنڈاپور اور اسد قیصر سمیت دیگر کی درخواستوں پر سماعت

آئندہ سماعت پر تیاری کر کے آئیں، مزید مہلت نہیں دی جائے گی اور کیسز کا فیصلہ کیا جائے گا، پشاور ہائی کورٹ

پشاور (جی این ایم) پشاور ہائیکورٹ میں وزیراعلیٰ سہیل آفریدی، سابق وزیراعلیٰ علی امین گنڈاپور، پی ٹی آئی رہنما اسد قیصر اور صوبائی وزرا سمیت دیگر کی 27 درخواستوں پر سماعت ہوئی جسٹس اعجاز انور کی سربراہی میں تین رکنی لارجر بنچ نے درخواستوں پر سماعت کی۔ دوران سماعت علی زمان ایڈووکیٹ نے کہا کہ اس کیس میں جو وکیل تھے، وہ اب ایڈیشنل ایڈووکیٹ جنرل بن گئے ہیں، ہم اس کیس میں وکالت نامے جمع کرائیں گے انہوں نے کہا کہ ان دنوں پھر ایسے حالات بن رہے ہیں

جھل مگسی، گنداواہ سے کوئٹہ جانے والے پانچ مقامی افراد مبینہ طور پر اغوا

جھل مگسی (یو این اے) گنداواہ سے مگسی برادری سے بتایا جا رہے ہیں کوئٹہ تھانہ کے نزدیک جاتے ہوئے پانچ مقامی افراد مبینہ طور پر اغوا پولیس ذرائع کے مطابق جھل مگسی سے کوئٹہ کی جانب جانے والے پانچ مقامی افراد کو نامعلوم مسلح افراد مبینہ طور پر اغوا کر کے اپنے ساتھ لے گئے ہیں۔ واقعے کی اطلاع ملنے پر علاقے میں تشویش پائی جاتی ہے۔ ل آئیں۔

صدرِ مملکت کا 7 دہشت گردوں کو ہلاک کرنے پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین

اسلام آباد (سی ایم لنکس) صدر مملکت آصف علی زرداری نے شمالی وزیرستان میں فتنہ الخوارج کے 7 دہشت گردوں کو ہلاک کرنے پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔ جمعہ کو ایوان صدر کے میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق صدر مملکت نے دہشت گردوں کے ٹھکانوں کی تباہی اور بھاری مقدار میں اسلحہ و گولہ بارود برآمد کرنے پر سیکیورٹی فورسز کی مؤثر کارروائی کو سراہا۔ صدر مملکت آصف علی زرداری نے کہا کہ دہشتگردوں کے غیر ملکی سرپرستوں اور ان کے مقامی سہولت کاروں کی سازشوں کو ہر قیمت پر ناکام بنایا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پوری قوم اپنی سکیورٹی فورسز کے ساتھ کھڑی ہے۔

ان میں جرات ہے تو صوابی کراس کر کے دکھائیں، پتا لگ جائے گا: فیصل کریم کنڈی

پشاور (اے این این) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے کہا جب ان کا منہ صوابی کی طرف ہوتا ہے تو یوٹرن لیکر دوسرے شہر چلے جاتے ہیں، یہ صوابی نہیں آئیں گے، ان میں جرات ہے تو صوابی کراس کر کے دکھائیں، یہ زرا صوابی کی طرف منہ کر کے تو دکھائیں پتا لگ جائے گا، یہ نالائق لوگ صوبے پر مسلط ہیں، نہ انہوں نے آئین پڑھا ہے، پارلیمنٹ

(بقیہ 46 اندرونی صفحہ 3 پر)

بندوق کے زور پر مذاکرات کریں گے نہ مانیں گے، جنید اکبر

ایمرجنسی سے متعلق وفاقی وزرا کی باتوں کو ہم سنجیدہ نہیں لیتے ہیں، گفتگو

اسلام آباد (اے این این) پاکستان تحریک انصاف کے رہنماء جنید اکبر نے کہا ہے کہ قیادت کے ساتھ بیٹھ کر بات کر لیں ثابت کریں کہ ہم غلط ہیں تو معافی مانگیں گے اور آپ کے ساتھ کھڑے ہو جائیں گے۔ نجی ٹی وی کے پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے جنید اکبر نے کہا کہ بندوق کے زور پر نہ ہم مذاکرات کریں گے اور نہ مانیں گے۔ زبردستی کوئی ہمیں مذاکرات کے لیے مجبور نہیں کر سکتا۔ انہوں نے کہا کہ جب مولانا فضل الرحمان عمرے پر تھے تو ہماری قیادت سے رابطہ ہوا تھا۔ مولانا کی خواہش تھی کہ لانگ مارچ کی تاریخ آگے لے کر جائیں۔ پی ٹی آئی رہنما کا کہنا تھا کہ دہشت گردی کے مسئلے کو بھی متنازع بنایا گیا، اس پر تو مذاکرات کیلئے ہمارے دروازے کھلے ہیں۔

ایران جنگ میں حصہ لینے والے یو ایس ایس ابراہم لنکن کی 322 روز بعد امریکا واپسی

65 فیصد امریکی ایران جنگ سے متعلق ٹرمپ کی حکمتِ عملی سے ناخوش: 33 فیصد مطمئن ہیں، سروے رپورٹ

واشنگٹن (اے این این) امریکی طیارہ بردار جہاز یو ایس ایس ابراہم لنکن مشرقِ وسطیٰ میں 322 روزہ تعیناتی کے بعد کیلیفورنیا واپس پہنچ گیا، جہاز کا عملہ مسلسل 265 دن سمندر میں رہا اور ایران کے خلاف امریکی و اسرائیلی جنگ میں حصہ لیتا رہا۔ عالمی میڈیا کی رپورٹس کے مطابق امریکا واپس آنے والے اہلکاروں نے اہلِ خانہ سے ملاقات اور تازہ کھانا کھانے پر خوشی کا اظہار کیا ہے۔ ایک اہلکار کی اہلیہ نے بتایا ہے کہ میرے شوہر نے جہاز پر خوراک کی قلت کا ذکر کیا تھا اور وہ 10 ماہ بعد اپنی 4 سالہ بیٹی سے مل رہے ہیں۔ واضح رہے کہ کی سہولتوں کی قلت، خراب حالات اور عملے کے بعض ارکان کی خودکشی کی کوششوں کی اطلاعات بھی سامنے آئی تھیں۔ میڈیا رپورٹس میں دعویٰ کیا گیا تھا

پی ٹی آئی لانگ مارچ کا تین روزہ شیڈول جاری، پشاور سے چارسدہ روانگی 9 اکتوبر کو ہوگی

10 اکتوبر کو وزیراعلیٰ سہیل آفریدی کی قیادت میں مارچ مردان پہنچے گا، جبکہ 11 اکتوبر کو صوابی روانگی ہوگی

پشاور (جی این ایم) پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) نے لانگ مارچ کا تین روزہ شیڈول جاری کر دیا، جس کے مطابق مارچ آج 9 اکتوبر کو پشاور سے چارسدہ روانہ ہوگا۔ پی ٹی آئی ترجمان کے مطابق لانگ مارچ کے شرکا آج پشاور سے چارسدہ پہنچیں گے، جہاں رات قیام کیا جائے گا۔ 10 اکتوبر کو وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی کی قیادت میں لانگ مارچ مردان پہنچے گا، جبکہ 11 اکتوبر کو قافلہ صوابی کے لیے روانہ ہوگا۔ ترجمان نے بتایا کہ لانگ مارچ کے شرکا صوابی میں رات قیام کریں گے، جس کے بعد مارچ کے اگلے لائحہ عمل کا فیصلہ کیا جائے گا۔ پی ٹی آئی کی جانب سے جاری کردہ شیڈول کے مطابق آئندہ تین روز کے دوران مختلف شہروں میں مارچ کے قیام اور نقل و حرکت کا منصوبہ ترتیب دیا گیا

لاہور ہائیکورٹ، عظمیٰ خان اور نورین نیازی کو سہولیات کے حوالے سے رپورٹ طلب

کپڑے، دوائیاں دیں، باہر جا کر کہا کچھ نہیں دیا، جسٹس عبہر گل کے ریمارکس، سماعت 12 اکتوبر تک ملتوی

لاہور (جی این ایم) لاہور ہائیکورٹ نے سابق وزیراعظم عمران خان کی بہنوں نورین نیازی اور عظمیٰ خان کو جیل میں ادویات، کپڑوں سمیت دیگر سہولیات کے حوالے سے رپورٹ طلب کر لی عمران خان کی بہنوں علیمہ خان، عظمیٰ خان اور نورین نیازی کی نظر بندی کے خلاف درخواست پر سماعت ہوئی۔ جسٹس عبہر گل نے علیمہ خان کے بیٹے شاہ ریز کی درخواست پر سماعت کی، درخواست گزار کی جانب سے وکیل رانا مدثر عمر پیش ہوئے جسٹس عبہر گل نے ریمارکس دیئے کہ آپ کو کپڑے بھی دیئے اور دوائیاں بھی دیں لیکن باہر جا کر آپ نے کہا کچھ نہیں دیا وکیل رانا مدثر عمر نے بتایا



کوئٹہ، ڈپٹی اسپیکر بلوچستان صوبائی اسمبلی غزالہ گولہ اسمبلی اجلاس میں مشترکہ قرارداد پیش کر رہی ہیں

عوامی مسائل کا حل ہماری سیاست کا بنیادی مقصد ہے، شیخ زرک مندوخیل

عوامی مسائل کے حل میں رنگ، نسل، زبان اور طبقے کی بنیاد پر کسی قسم کی تفریق نہیں ہونی چاہیے، کیونکہ منتخب نمائندے کی ذمہ داری تمام شہریوں کی خدمت کرنا ہے

بلوچستان کی ترقی کے لیے ضروری ہے کہ تمام سیاسی قوتیں عوامی مفادات کو مقدم رکھیں اور اختلافات سے بالاتر ہو کر صوبے کے مسائل کے حل کے لیے مشترکہ کوششیں کریں

کوئٹہ (اے این این) رکن بلوچستان اسمبلی شیخ زرک خان مندوخیل نے کہا ہے کہ عوامی خدمت، حلقے کے مسائل کا حل اور علاقے کی ترقی ان کی سیاسی جدوجہد کا بنیادی مقصد ہے۔ عوام نے اپنے نمائندوں کو اس امید کے ساتھ منتخب کیا ہے کہ وہ ان کے مسائل کو متعلقہ فورمز پر اجاگر کریں گے اور ان کے حل کے لیے عملی کردار ادا کریں گے' یہ بات انہوں نے مختلف وفود سے بات چیت کرتے ہوئے کہی' انہوں نے کہا کہ عوامی نمائندگی ایک اہم ذمہ داری ہے جس کا تقاضا ہے کہ لوگوں کے مسائل کو توجہ سے سنا جائے اور ان کے حل کے لیے متعلقہ حکام سے مسلسل رابطہ رکھا جائے۔ عوام کو درپیش مشکلات، بنیادی سہولیات کی کمی اور روزمرہ زندگی کے مسائل کے حل کے لیے تمام دستیاب آئینی اور جمہوری

(بقیہ 47 اندرونی صفحہ 3 پر)

حافظ نعیم الرحمان کا مفت تعلیم کے حق میں تحریک شروع کرنے کا اعلان

ملک میں مہنگائی، بجلی کے بھاری بلوں اور پٹرول کی بڑھتی قیمتوں نے عوام کو شدید مشکلات سے دوچار کر رکھا ہے

حکومت بھاری ٹیکسز وصول کرنے کے باوجود عوام کو بنیادی سہولیات فراہم کرنے میں ناکام دکھائی دیتی ہے، امیر جماعت اسلامی

پشاور (اے این این) امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمان نے مفت تعلیم کے حق میں تحریک شروع کرنے کا اعلان کر دیا۔ خیبر پختونخوا کے دارالحکومت پشاور کے پریس کلب میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے حافظ نعیم الرحمان کا کہنا تھا کہ ملک میں مہنگائی، بجلی کے بھاری بلوں اور پٹرول کی بڑھتی قیمتوں نے عوام کو شدید مشکلات سے دوچار کر رکھا ہے، جبکہ حکومت بھاری ٹیکسز وصول کرنے کے باوجود عو